★ ABC CERTIFIED ★
Member APNS
روزنامہ
تعمیرِ وطن
کوئٹہ
Daily Tameer-e-Watan Quetta
جلد نمبر 28.....شمارہ نمبر 36 بروز جمعرات 5 نومبر 2026ء 24 جمادی الاول 1448ھ.....قیمت 7 روپے (صفحات 4)
کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان.....ایڈیٹر: ایم ایس خان

ٹرمپ کی شدید مخالفت کے باوجود مشی گن سے مسلم امیدوار کی تاریخی کامیابی

مشی گن (آن لائن) امریکی ریاست مشی گن سے ڈیموکریٹ امیدوار عبدل السید نے سینیٹ کی نشست پر تاریخی کامیابی حاصل کرتے ہوئے پہلے مسلمان امریکی سینیٹر بننے کا اعزاز حاصل کرلیا ہے۔ سینیٹ کی نشست پر ڈیموکریٹ امیدوار عبدل السید نے ری پبلکن امیدوار مائیک راجرز کو شکست دی۔ عبدل السید نے الیکشن میں کامیابی پر ووٹرز سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ اپنی کامیابی عوام کے نام کرتا ہوں، یہ مزدوروں کی نہیں میری جنگ ہے، ٹرمپ کے الزامات کے باوجود جدوجہد جاری رکھی

لکی مروت میں پولیس کی کارروائی، 2 مبینہ دہشتگرد ہلاک

لکی مروت (آن لائن) لکی مروت پولیس نے کارروائی کر کے 2 مبینہ دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ پولیس کے مطابق گنڈی چوک میں کالے شیشوں والی مشکوک گاڑی کی اطلاع ملی تھی۔ پولیس کو دیکھتے ہی دہشت گردوں نے فرار ہونے کی کوشش کی۔ کارروائی کے دوران ایک دہشت گرد زخمی حالت میں فرار ہو گیا۔ ہلاک دہشت گردوں سے اسلحہ بھی برآمد ہوا ہے۔

یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے گا، وزیر اعلیٰ بلوچستان



کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن (NAVTTC) کے چیئرمین انجینئر قمر الاسلام راجہ اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر ناویہ کریم نے ملاقات کی، جس میں جنوبی بلوچستان (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

وطن عزیز کے دفاع اور امن وسلامتی کیلئے شہداء کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، صدر زرداری



اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے اضلاع پنجگی اور خاران میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے 17 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ صدر مملکت نے ضلع پنجگی میں (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

میر اسلم جان جمالدینی ایک انسان دوست، شریف النفس کے مالک تھے، رحمت صالح بلوچ



کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے میئر خضدار میر محمد آصف جمالدینی کے بڑے بھائی میر اسلم جان جمالدینی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میر اسلم (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

بلوچستان اور پنجاب کا سیف سٹی منصوبوں میں مشترکہ تعاون، عملے کی تربیت اور تجربات کے تبادلے پر اتفاق

بلوچستان میں سیف سٹی منصوبوں کو مؤثر اور فعال بنانے کے لیے پنجاب کے تعاون سے مشترکہ اقدامات کا فیصلہ، میر سرفراز بگٹی اور مریم نواز شریف کا اتفاق

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بلوچستان میں سیف سٹی منصوبوں کو مؤثر، فعال اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے مشترکہ تعاون پر اتفاق کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مراسلے پر وزیر اعلیٰ پنجاب نے بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کو مستحکم بنانے اور اسے ضروری ادارہ جاتی معاونت فراہم کرنے کے لیے متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کر دی ہیں۔ اس سلسلے میں بلوچستان اور پنجاب کی سیف سٹی اتھارٹیز کے مابین جوائنٹ وینچر کے تحت سیکیورٹی مانیٹرنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنانے، تکنیکی معاونت اور تجربات کے تبادلے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کا اجلاس منعقد ہوا، (باقی صفحہ 2 نمبر 1)



اسلام آباد، وزیر اعظم محمد شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

موسم سرما میں توانائی ضروریات پوری کرنے کے لئے اقدامات جاری ہیں، ایل پی جی مافیا کا دور ختم ہو چکا، فیول سبسڈی دسمبر کے آخر تک جاری رہے گی، شہباز شریف

ایل پی جی مافیا جو دہائیوں سے اربوں کھربوں کما رہی تھی اب اس کا دور ختم ہو چکا، دہشتگردی کا قلع قمع کر کے دم لیں گے، وزیر اعظم کی وفاقی کابینہ اجلاس سے خطاب

عالمی امن کیلئے پاکستان کی مخلصانہ سفارتی کوششیں جاری ہیں

شہباز شریف

خطے کی صورتحال کی وجہ سے پاکستان بھی بری طرح متاثر ہو رہا ہے خیبر پختونخواہ میں امن وترقی کیلئے 160 روپے کے ترقیاتی پیکیج کی منظوری دیدی ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عالمی امن کے لئے پاکستان کی مخلصانہ سفارتی کوششیں جاری ہیں۔ خطے کی صورتحال کی وجہ سے پاکستان بھی بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ خیبر پختونخواہ میں امن وترقی کے لئے 160 روپے کے ترقیاتی پیکیج کی منظوری دیدی ہے۔ موسم سرما میں توانائی ضروریات پوری کرنے کے لئے اقدامات جاری ہیں۔ کابینہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا خطے میں جاری بد امنی کے باعث تیل کی (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

وزیر اعظم شہباز شریف اور بلاول بھٹو کی اہم ملاقات کی اندرونی کہانی سامنے آگئی

شہباز شریف کی تحفظات دور کرنے اور اتحادیوں کو اعتماد میں لینے کی یقین دہانی، ذرائع

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم شہباز شریف اور چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کے درمیان اہم ملاقات کی اندرونی تفصیلات سامنے آگئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں ملکی سیاسی صورتحال، خیبر پختونخوا میں امن و امان، گورننس، وفاق اور پیپلز پارٹی کے درمیان انتظامی معاملات، آئندہ قانون سازی اور مجوزہ آئینی ترامیم (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

کوئٹہ ٹریفک پولیس صدر ڈویژن نے ایئرپورٹ پر ٹریفک قوانین سے آگاہی کیلئے ریلی کا اہتمام

کوئٹہ (آن لائن) ایس پی ٹریفک پولیس صدر ڈویژن کوئٹہ سید عاصم شاہ نے کہا ہے کہ ہفتہ خوش اخلاقی کے دوران شہریوں کے چالان کرنے کی بجائے انہیں ٹریفک قوانین کی پاسداری کے لئے آگاہی فراہم کی جائے گی (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

انتخابی اصلاحات پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل تعطل کا شکار

دو ہفتے گزرنے کے باوجود جماعتوں نے نام نہیں دیے، ذرائع

اسلام آباد (آن لائن) انتخابی اصلاحات کے لیے پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل کا معاملہ تاخیر کا شکار ہوگیا ہے اور دو ہفتے گزرنے کے باوجود کسی بھی پارلیمانی جماعت نے کمیٹی کے لیے اپنے نام اسپیکر قومی اسمبلی کو نہیں بھجوائے۔ ذرائع کے مطابق اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے دو ہفتے قبل حکومتی اور اپوزیشن جماعتوں کے چیف (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

بگٹی کے ترسیلی نظام کے 40 منصوبے تاخیر کا شکار، فنڈز کی کمی اور سیکیورٹی مسائل بڑی رکاوٹ قرار

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اقتصادی امور ڈویژن نے بگٹی کے ترسیلی نظام کی بہتری کے لیے جاری 40 منصوبوں میں تاخیر پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کمیٹی کو بتایا گیا کہ ان منصوبوں کی بروقت تکمیل میں فنڈز کی عدم دستیابی، مختلف محکموں سے عدم (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

امریکی مڈٹرم انتخابات: ڈیموکریٹس نے کانگریس کے دونوں ایوانوں کا کنٹرول حاصل کرلیا

ٹرمپ انتظامیہ کو کانگریس میں مضبوط اپوزیشن کا سامنا، اہم تقرریوں پر صدر کیلئے مشکلات پیدا ہونے کا امکان

ایوان نمائندگان کے انتخابات میں بھی ڈیموکریٹس نے متعدد اہم حلقوں میں کامیابیاں حاصل کیں

واشنگٹن (آن لائن) امریکا میں 3 نومبر کو ہونے والے وسط مدتی انتخابات میں ڈیموکریٹک پارٹی نے اہم کامیابیاں حاصل کرتے ہوئے کانگریس کے دونوں ایوانوں، سینیٹ اور ایوان نمائندگان، میں اکثریت حاصل کر لی ہے۔ انتخابی نتائج کو صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی دوسری صدارتی مدت کے دوران ان کی پالیسیوں اور حکومتی کارکردگی پر عوامی ردعمل کا اہم پیمانہ (باقی صفحہ 2 نمبر 31)



اسلام آباد، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید سال خان سے ڈی آئی جی سیکورٹی اسلام آباد عمر فاروق ملاقات کر رہے ہیں

گزشتہ سال ان ادائیگیوں پر ساڑھے چار ارب ڈالر خرچ، رواں مالی سال یہ رقم تقریباً چار ارب ڈالر جبکہ آئندہ مالی سال ساڑھے تین ارب ڈالر رہنے کا امکان

مالیاتی خسارہ کم ہو کر 2.5 فیصد پر آگیا، زرمبادلہ ذخائر 1.5 ارب ڈالر تک پہنچ گئے، وزیر خزانہ

مالیاتی نظم وضبط کے باعث معاشی اشاریوں میں نمایاں بہتری آئی ہے؛ سینیٹ کی خزانہ کمیٹی میں پاکستان ساورن ویلتھ فنڈ کی 75 مجوزہ ترامیم پر بھی غور

مہنگے اور قلیل مدتی قرضوں کی جگہ طویل مدتی قرضے حاصل کیے جا رہے ہیں، بیرونی ادائیگیوں کا بوجھ کم ہو کر تقریباً 11 ارب ڈالر رہ گیا

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ مالیاتی نظم وضبط اور حکومتی اقدامات کے نتیجے میں پاکستان کا مالیاتی خسارہ ساڑھے بارہ فیصد سے کم ہو کر 2.5 فیصد پر آگیا ہے، جبکہ ملک معاشی استحکام کی جانب بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر 21 ارب 50 کروڑ ڈالر تک پہنچ چکے ہیں اور حکومت بیرونی قرضوں پر انحصار کم کرنے کے لیے طویل مدتی مالیاتی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس چیئرمین سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت ہوا، جس میں وزیر خزانہ محمد (باقی صفحہ 2 نمبر 30)



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

انجینئر عائشہ زہری کا نیوا ڈہ میں قائم کردہ "ارباب ٹرمینل" کا دورہ

مسافروں کو درپیش مشکلات میں کمی لانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے قلات کے علاقے نیواڈہ میں قائم کردہ "ارباب ٹرمینل" کا ایک تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نے ٹرمینل میں مسافروں کی آسانی کے لیے فراہم کی گئی بنیادی اور جدید سہولیات کے بارے میں (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

پاکستان نے عالمی مالیاتی منڈی سے 3 ارب ڈالر حاصل کرلیے، مزید بانڈز کے اجرا کی تیاری

آرڈر بک 6 ارب ڈالر رہی، یورو بانڈ 5.5 اور 10 سالہ مدت کیلئے جاری کرنے کی منصوبہ بندی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان نے ہفتہ کے پہلے ہفتے میں عالمی مالیاتی منڈی تک رسائی حاصل کرتے ہوئے 3 ارب ڈالر حاصل کیے، جبکہ اس دوران سرمایہ کاروں کی جانب سے موصول ہونے والے آرڈرز کی مجموعی (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر دشتی کی زیر صدارت اجلاس

غریب و مستحق مریضوں کی امداد کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی سربراہی میں ٹیچنگ ہسپتال تربت کے قریب واقع میڈیکل اسٹورز کے مالکان کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر دشت ندیم اقبال بنگلزئی اور اسسٹنٹ کمشنر بل گوہر نجم الدین زہری سمیت ہسپتال کے نزدیک قائم میڈیکل اسٹورز کے مالکان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر یاسر اقبال دشتی نے کہا کہ ہسپتال کے قریب میڈیکل اسٹورز کا کردار نہایت اہم ہے اور یہاں آنے والے مریضوں اور ان کے لواحقین کی بڑی تعداد ادویات کے لیے انہی دکانوں پر انحصار کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (CSR) کی اہمیت اور معاشرے کی بہتری کے لیے اس کے مثبت کردار سے آگاہ کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کاروباری ادارے اپنی سماجی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھاتے ہوئے عوامی فلاح و بہبود کے لیے اپنا کردار ادا کریں (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

وزیر اعظم شہباز شریف سے اہم سیاسی رہنماؤں کی ملاقات

زرداری ہاؤس میں ہونے والی اس ملاقات میں ملک کی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے اہم سیاسی رہنماؤں اور پارٹی کے مرکزی عہدیداروں نے زرداری ہاؤس میں ملاقات کی، جس کے دوران ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

سیدال خان کی پاسپورٹ نظام جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ اور سہولیات میں مزید بہتری لانے کی ہدایت

اسلام آباد/ کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے پاسپورٹ کے اجرا کے نظام میں بہتری، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور عوامی سہولیات کے فروغ کے لیے حکومت کی جانب سے اٹھائے گئے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پاسپورٹ ڈائریکٹوریٹ کی کارکردگی اور ادارہ جاتی اصلاحات کے لیے کی (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

خضدار سے تاجر اغوا، کوئٹہ کراچی شاہراہ احتجاجاً بلاک

خضدار (آن لائن) خضدار سے تاجر اغواء، کوئٹہ کراچی شاہراہ احتجاجاً بلاک انتظامیہ سے مذاکرات کے بعد روڈ کھول دیا گیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

بلوچستان کے پہلے ڈیجیٹل طور پر رجسٹرڈ نکاح رجسٹرار مولوی سمیع اللہ کی رجسٹریشن اور لائسنس کا اجراء 28 اکتوبر 2026ء کو کیا گیا

بلوچستان میں پہلی بار ڈیجیٹل نکاح رجسٹریشن کا آغاز، پہلا میرج رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جاری

یونین کونسل حاجی نبی روڈ، وارڈ نمبر 22، میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ میں بلوچستان کا پہلا ڈیجیٹل میرج رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جاری

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان اور نادرا کے باہمی تعاون سے صوبے میں پہلی مرتبہ ڈیجیٹل نکاح رجسٹریشن اور ڈیجیٹل سولمنائزیشن ماڈیول کا پائلٹ بنیادوں پر کامیاب آغاز کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں یونین کونسل حاجی نبی روڈ، وارڈ نمبر 22، میٹروپولیٹن کارپوریشن (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

وفاقی آئینی عدالت نے سرکاری بھرتیوں میں پس منظر کی جانچ پڑتال کیلئے 6 اہم اصول طے کر دیے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی آئینی عدالت نے پولیس میں بھرتی سے قبل مقدمے سے بریت کے باوجود نااہل قرار دینے سے متعلق کیس میں سرکاری بھرتیوں میں پس منظر کی (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

قومی شاہراہ پر سرعام ٹرکوں سے بھتہ وصول کیا جاتا ہے، جمعیت پاکستان

عوام کے جان ومال کے تحفظ کیلئے کسی بھی قسم کا اقدام نظر نہیں آتا ہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالمالک اور صوبائی رابطہ کمیٹی کے ارکان پروفیسر حسین احمد شیرانی حافظ سید ہمایوں پشتی مولانا امان اللہ (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، ضلعی انتظامیہ پشین اور زیڈ ایچ کیو کوئٹہ کی مشترکہ کارروائی

2 ہزار 500 کلوگرام (ڈھائی ٹن) بیج برآمد کر کے 46 بوریاں قبضے میں لے لی گئیں

پشین (آن لائن) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، ضلعی انتظامیہ پشین اور زیڈ ایچ کیو کوئٹہ کی مشترکہ کارروائی کے دوران پشین شہر سے پوست کے 2 ہزار 500 کلوگرام) ڈھائی ٹن ((باقی صفحہ 2 نمبر 24)

مڈٹرم الیکشن نتائج قبول، ایران جنگ اور مہنگائی ریپبلکنز کی شکست کی وجہ بنی، ٹرمپ

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی انتخابات کے نتائج تسلیم کرنے کا اعلان کر دیا، انہوں نے کہا کہ ایران جنگ اور مہنگائی ریپبلکنز کی شکست کی (باقی صفحہ 2 نمبر 23)



استنبول، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان ترکیہ کے وزیر تجارت پروفیسر ڈاکٹر عمر بولات سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان اور ترکیہ کا زراعت اور لائیو اسٹاک کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

منہ کھر کی بیماری کی ویکسین پاکستان میں تیار کرنے کیلئے ترکیہ تکنیکی معاونت فراہم کرے گا

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے پاکستان میں ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نزیر ظلو کی ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین سے پاکستان میں ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نزیر ظلو نے ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان زراعت، لائیو اسٹاک، ویکسین کی تیاری، زرعی تربیت اور گوشت کی برآمدات سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو وسعت دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اس بات (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

حکومت وقت اپنا یہ رویہ ترک کردے، جمعیت (ف) قلات

قلات (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام قلات کے زیر اہتمام قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ پر ڈرون کیسروں کے (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

اعلان نماز جنازہ

کوئٹہ (آن لائن) سابق چیف سیکرٹری بلوچستان سیٹھ یونس خان مندوخیل کی اہلیہ، ڈاکٹر افضل خان اور ڈاکٹر شہباز خان مندوخیل کی والدہ طویل علالت کے بعد وفات پا گئی ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

کراچی پورٹ پر 27 کروڑ 70 لاکھ روپے مالیت کے سامان میں بڑے پیمانے پر فراڈ بے نقاب

کراچی/ اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کسٹمز کے ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹرنیٹ ٹریڈ کراچی نے کراچی پورٹ پر بڑی کارروائی کرتے ہوئے تقریباً 27 کروڑ 70 لاکھ روپے (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

ہر سرکاری اراضی پر قبضے کی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے، وفاقی وزیر داخلہ

کانسٹی ٹیوشن ون کا قبضہ حکومت کو مل گیا، چند ماہ میں فائیو اسٹار ہوٹل بنانے کا منصوبہ تیار ہو جائیگا، محسن نقوی

کابینہ نے جے آئی ٹی رپورٹ کی منظوری دے دی، متاثرہ سرمایہ کاروں کو ادا کردہ رقوم واپس کی جائیں گی، پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ وفاقی کابینہ کی جانب سے ون کانسٹی ٹیوشن ایونیو سے متعلق مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) کی رپورٹ منظور کیے جانے کے بعد عمارت کا قانونی قبضہ حکومت کو مل گیا ہے۔ حکومت آئندہ چند ماہ میں اس عمارت کو پانچ ستارہ ہوٹل میں تبدیل کرنے کی کوشش کرے گی تاکہ اسلام آباد میں معیاری ہوٹل کی کمی کو پورا کیا جاسکے۔ انہوں نے واضح کیا کہ منصوبے (باقی صفحہ 2 نمبر 27)



ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دکانداروں کی جانب سے من مانا دام مقرر کر کے 550 روپے سے 600 روپے فی کلو ایل پی جی گیس خریدنے پر مجبور ہیں

بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بارش کے بعد سردی بڑھ گئی، کوئٹہ میں گیس پریشر غائب، شہری پریشان

کوئٹہ، ہرنائی، چاغی، دالبندین سمیت مختلف علاقوں میں موسم سرما کی پہلی بارش ہوئی بارش کے باعث سردی کی شدت میں اضافہ

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں موسم سرما کی پہلی بارش کے باعث سردی کی شدت میں اضافہ ہوگیا سردی بڑھتے ہوئے گیس پریشر میں کمی اور بندش سے شہریوں کی مشکلات بڑھ گئیں۔ بدھ کو صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور بلوچستان کے مختلف علاقوں کوئٹہ، ہرنائی، چاغی، دالبندین سمیت مختلف علاقوں میں موسم سرما کی پہلی بارش ہوئی بارش کے باعث سردی کی شدت (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی تعداد 6 لاکھ 83 ہزار سے تجاوز کر گئی

اکتوبر 2026 میں اسٹاک ایکسچینج میں 26 ہزار 843 نئے اکاؤنٹس کھولے گئے، ایس ای سی پی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے رجحان میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور اسٹاک مارکیٹ میں نئے سرمایہ کاروں کی شمولیت میں نوجوانوں کا نمایاں کردار سامنے آیا ہے۔ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے مطابق اکتوبر 2026 کے دوران پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں 26 ہزار 843 نئے سرمایہ کاری اکاؤنٹس کھولے گئے، جس کے بعد اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی مجموعی تعداد 6 لاکھ 83 ہزار سے تجاوز کر گئی ہے۔ ایس ای سی پی کے اعداد و شمار کے مطابق صرف سال 2026 کے دوران اب تک اسٹا (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

ڈاکٹر عبدالروف رند کا ڈسٹرکٹ سینٹرل جیل تربت کا دورہ

طبی سہولیات کی فراہمی اور صحت وصفائی کے مسائل کے حل میں مدد ملے گی

تربت (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالروف رند نے ڈسٹرکٹ سینٹرل جیل تربت کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ جیل منیر احمد شے نگری سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران سینٹرل جیل میں محکمہ صحت سے متعلق مسائل، قیدیوں کو طبی سہولیات کی فراہمی اور صحت عامہ کے دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر جیل میں مستقل ڈاکٹر کی عدم دستیابی کا مسئلہ بھی زیر بحث آیا۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالروف رند نے اس مسئلے کے حل کے لیے یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ محکمہ صحت ضلع کیچ کی جانب (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

ڈیجیٹل نکاح نامہ

حکومتِ بلوچستان اور نادرا کے باہمی تعاون سے صوبے میں پہلی مرتبہ ڈیجیٹل نکاح رجسٹریشن اور ڈیجیٹل سولمنائزیشن ماڈیول کا پائلٹ بنیادوں پر کامیاب آغاز کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں یونین کونسل حاجی غیبی روڈ، وارڈ نمبر 22، میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ میں بلوچستان کا پہلا ڈیجیٹل میرج رجسٹریشن سرٹیفکیٹ (MRC) جاری کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے پہلے ڈیجیٹل طور پر رجسٹرڈ نکاح رجسٹرار مولوی سمیع اللہ کی رجسٹریشن اور لائسنس کا اجراء 28 اکتوبر 2026ء کو کیا گیا، جبکہ ان کے ذریعے پہلے نکاح کی ڈیجیٹل رجسٹریشن 29 اکتوبر کو مکمل کی گئی اور 30 اکتوبر 2026ء کو میرج رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جاری کیا گیا۔ اس اہم پائلٹ منصوبے کی کامیابی میں ڈاکٹر نوشین خان، ڈپٹی ڈائریکٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ، داؤد مومند، اسسٹنٹ ڈائریکٹر (CRVS) نادرا، اور محمد عارف، فیلڈ آفیسر ضلع کوئٹہ نے اہم کردار ادا کیا، جبکہ مولوی سمیع اللہ نے بلوچستان کے پہلے ڈیجیٹل رجسٹرڈ نکاح رجسٹرار کی حیثیت سے پہلے نکاح کی رجسٹریشن انجام دی۔ نئے ڈیجیٹل نظام کے تحت رجسٹرڈ نکاح رجسٹرار پاک آئی ڈی موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے نکاح کی تفصیلات اور ضروری دستاویزات متعلقہ یونین کونسل کو ارسال کر سکیں گے۔ یونین کونسل سیکریٹری کی جانب سے تصدیق اور منظوری کے بعد میرج رجسٹریشن سرٹیفکیٹ خودکار طریقے سے تیار ہوگا، جسے نکاح رجسٹرار، دلہا اور دلہن اپنے اپنے پاک آئی ڈی اکاؤنٹس کے ذریعے ڈاؤن لوڈ اور پرنٹ کر سکیں گے۔ اس جدید ڈیجیٹل اقدام کا بنیادی مقصد نکاح اور شادی کی رجسٹریشن کے عمل کو شفاف، محفوظ، مؤثر اور تیز رفتار بنانا، دستی کارروائیوں میں کمی لانا اور شہریوں کو جدید سہولیات فراہم کرنا ہے۔ بلوچستان میں اس منصوبے کی کامیاب شروعات سول رجسٹریشن سروسز کی ڈیجیٹلائزیشن کی جانب ایک اہم سنگِ میل قرار دی جا رہی ہے، جس سے مستقبل میں اس سہولت کو صوبے کی دیگر یونین کونسلز تک توسیع دینے کی راہ بھی ہموار ہوگی۔

بقیہ 01

جس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات نے جاری منصوبوں اور پیش رفت سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچستان کے 9 شہروں میں سیف سٹی منصوبوں پر کام جاری ہے۔ ڈی جی پنجاب سیف سٹی اتھارٹی احسن یونس نے بتایا کہ پنجاب سیف سٹی اتھارٹی بلوچستان کے عملے کی تربیت، استعداد کار میں اضافے اور جدید تکنیکی معاونت فراہم کرے گی تاکہ صوبے میں سیف سٹی منصوبوں کو مؤثر انداز میں فعال بنایا جا سکے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سیف سٹی منصوبے محض نگرانی کا نظام نہیں بلکہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے جدید سیکیورٹی انفراسٹرکچر کی بنیاد ہیں۔ بلوچستان میں امن و امان کے قیام، جرائم کی روک تھام اور شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور مؤثر سیکیورٹی مانیٹرنگ ناگزیر ہے۔ جدید نگرانی کے نظام سے جرائم پیشہ عناصر کی نقل و حرکت پر نظر رکھنے، مشتبہ سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے فوری ردعمل کو مؤثر بنانے میں مدد ملے گی۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ صوبے کے 9 شہروں میں جاری سیف سٹی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور ذمہ داری کے ساتھ منصوبوں کی مقررہ مدت میں تکمیل یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے سیکیورٹی مانیٹرنگ کو مؤثر بنا کر جرائم کی روک تھام اور امن و امان کی صورتحال میں بہتری لائی جا سکتی ہے۔ شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا حکومت کی اہم ذمہ داری ہے اور وہ سیف سٹی منصوبوں پر پیش رفت کی خود نگرانی کر رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے بلوچستان سیف سٹی منصوبوں میں تعاون اور معاونت پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ صوبوں کے درمیان ادارہ جاتی تعاون اور تجربات کا تبادلہ عوامی تحفظ کے مشترکہ اہداف کے حصول میں معاون ثابت ہوگا۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ بلوچستان محمد حمزہ شفقات نے اجلاس کو بتایا کہ سیف سٹی منصوبوں کی تکمیل سے 9 شہروں میں جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے سیکیورٹی مانیٹرنگ کا نظام قائم ہوگا، جس سے جرائم کی روک تھام، مشتبہ سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کار میں اضافہ ممکن ہوگا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات، انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر خان، ڈائریکٹر جنرل بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی محمد اشفاق، پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعلیٰ عمران زرکون، سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان، سیکرٹری آئی ٹی ایاز خان مندوخیل سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 02

جان جمالدینی ایک انسان دوست، شریف النفس، سادہ مزاج اور خدمتِ خلق کے جذبے سے سرشار شخصیت کے مالک تھے۔ وہ اپنے خلوص، اعلیٰ اخلاق، ملنساری اور مثبت رویے کے باعث لوگوں میں عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ ان کی وفات سے نہ صرف اہلِ خانہ بلکہ ان کے عزیز و اقارب، دوست احباب اور حلقہ احباب ایک مخلص اور قابلِ احترام شخصیت سے محروم ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں وہ میئر خضدار میر محمد آصف جمالدینی اور ان کے تمام اہلِ خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو یہ ناقابلِ تلافی نقصان صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ 03

دہشت گردوں کی جانب سے سڑک کی ناکہ بندی کی کوشش ناکام بنانے کے لیے سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے کے لیے فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور مستعدی قابلِ تحسین ہے۔ آصف علی زرداری نے ضلع خاران میں دہشت گردوں کے ٹھکانے کے خلاف کامیاب کارروائی اور دہشت گردوں کی ہلاکت پر بھی سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ صدرِ مملکت نے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران پاک فوج کے سپاہی حکمت اللہ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وطنِ عزیز کے دفاع اور امن و سلامتی کے لیے سپاہی حکمت اللہ کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے شہید سپاہی کے اہلِ خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور اللہ تعالیٰ سے شہید کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی۔ صدر زرداری نے کہا کہ غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک عزم استحکام کے تحت کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مسلسل جدوجہد اور قربانیوں کو قابلِ فخر قرار دیا۔

بقیہ 04

کے کوسٹل اضلاع سمیت صوبے بھر کے نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی اور فنی و پیشہ ورانہ تربیت کے لیے جاری یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ملاقات کے دوران وزیر اعلیٰ بلوچستان کو بتایا گیا کہ پروگرام کے تحت صوبے کے 25 ہزار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے اقدامات جاری ہیں، وفاقی حکومت کے مختلف محکموں میں 6 ہزار آسامیاں مشتہر کی جا چکی ہیں جبکہ مزید آسامیاں بھی مرحلہ وار مشتہر کی جا رہی ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ NAVTTC اور بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) کے اشتراک سے بلوچستان کے 10 ہزار نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں فنی و تکنیکی تربیت فراہم کی جائے گی، جس کا مقصد انہیں ملکی اور بین الاقوامی مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ ہنر سے آراستہ کرنا ہے۔

بقیہ 05

کوششیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں۔ عالمی امن قائم کرنے کے لیے پاکستان بدستور مخلصانہ کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ گزشتہ تین ہفتوں میں فیلڈ مارشل اور پاکستانی وفد نے تہران کے اہم دورے کیے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا ایرانی قیادت کے ساتھ اہم اجلاس ہوا۔ بات چیت انتہائی مثبت اور خوشگوار ماحول میں ہوئی۔ اجلاس میں سہ فریقی دفاعی معاہدہ پر بھی بات چیت ہوئی۔ خطے میں امن کے لئے باہمی تعاون پر اتفاق کیا گیا۔ وزیر اعظم نے پٹرول قیمتوں میں متوقع ہونے والے پندرہ روپے اضافہ کا بوجھ عوام پر نہ پڑنے دینے پر وزیر پٹرولیم اور ان کی ٹیم کو سراہتے ہوئے کہا بڑی ذمہ داری کے ساتھ وزیر پٹرولیم اور ان کی ٹیم نے اس معاملے پر آئل ریفائنریز سے بات کی اور عوام کو اس اضافی بوجھ سے بچالیا۔ انہوں نے حکومت کی جانب سے دی جانیوالی فیول سبسڈی کو انتہائی کامیاب قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ سبسڈی کامیاب پروگرام دسمبر کے آخر تک جاری رہے گا۔ اس پروگرام کے تحت ڈیڑھ کروڑ افراد نے ٹوکن لئے جبکہ ساڑھے سات کروڑ افراد مستفید ہوئے۔ سبسڈی پر اڑھائی ارب روپے خرچ کئے جاچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی اور شفاف طریقے سے جاری ہے اور اس پر حکومت پوری طرح نظر رکھے ہوئے ہے۔ سبسڈی سے تعاون نہ کرنے والے پٹرول پمپس کے خلاف انتہائی سخت کارروائی کی جائے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایل پی جی مافیا جو دہائیوں سے اربوں کھربوں کما رہی تھی اب اس کا دور ختم ہوچکا۔ بالکل شفافیت اور مسابقت کے ساتھ اب امور انجام دیئے جائیں گے۔ وزیراعظم نے کے پی کے کے لئے کیے گئے اقدامات پر بات کرتے ہوئے کہا خیبر پختونخوا میں امن و ترقی کے لئے ایک سو ساٹھ ارب روپے کا پیکیج منظور کر دیا گیا ہے۔ صوبے میں دہشتگردوں کے خلاف جاری آپریشنز کے تین مراحل میں بے پناہ دہشتگرد مارے گئے۔ پاک فوج اور قانون نافذ کرتے اداروں کے تعاون سے دہشتگردوں کو کچل کر رکھ دیں گے۔ کے پی کے خوبصورت ترین صوبہ ہے۔ وہاں کے غیور اور بہادر لوگ دہائیوں سے دہشتگردی کا مقابلہ کر رہے ہیں۔ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بیشمار جانوں کے نذرانے پیش کئے جاچکے۔ دوہزار اٹھارہ میں دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے باوجود اس ناسور نے بدقسمتی سے دوبارہ سر اٹھایا۔ لیکن ماں بہنوں کی دعاؤں سے اس کا پھر سے قلع قمع کریں گے۔ وزیراعظم نے کہا سردی کی آمد ہے۔ بحری راستوں پر ہمیں کافی چیلنجز درپیش ہیں۔ ایسے میں انرجی سپلائی کو جاری رکھنے کے لئے دن رات میٹنگ ہو رہی ہیں پوری کوشش ہے کہ عوام کی توانائی کی ضروریات کو پورا کیا جائے۔ توانائی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے دباؤ پر قابو پانے کے لئے بھی کوشاں ہیں۔ انہوں نے فضا سے فضا تک مار کرنے والے میزائل سسٹم کے حالیہ کامیاب تجربے پر بھی قوم اور فیلڈ مارشل کو مبارکباد دی۔

بقیہ 06

انتخابی اصلاحات کی 30 رکنی پارلیمانی کمیٹی کے لیے نمائندوں کے نام طلب کیے تھے، تاہم تاحال کسی جماعت کی جانب سے نام موصول نہیں ہوئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کمیٹی کی تشکیل میں تاخیر کی ایک وجہ حکومتی اتحادی جماعتوں کی جانب سے عددی تناسب سے زیادہ نمائندگی کا مطالبہ ہے، جس کے باعث کمیٹی میں نشستوں کی تقسیم کا معاملہ حل نہیں ہوسکا۔ دوسری جانب اپوزیشن جماعتیں بھی تاحال یہ فیصلہ نہیں کرسکی ہیں کہ آیا وہ انتخابی اصلاحات کی پارلیمانی کمیٹی کا حصہ بنیں گی یا نہیں۔ اس حوالے سے آج اپوزیشن جماعتوں کے مشترکہ اجلاس میں غور کیا جائے گا اور کمیٹی میں شمولیت سے متعلق حکمت عملی طے کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق 30 رکنی پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل کے لیے قومی اسمبلی اور سینیٹ سے تحاریک پہلے ہی منظور ہوچکی ہیں، تاہم سیاسی جماعتوں کی جانب سے نمائندوں کے نام نہ دیے جانے کے باعث کمیٹی کی عملی تشکیل عمل میں نہیں آسکی۔

بقیہ 07

ں اور عدم اعتراض کے سرٹیفکیٹس کے حصول میں تاخیر، زمین کے استعمال کے حقوق اور سیکیورٹی مسائل بڑی رکاوٹ بن رہے ہیں۔ عالمی مالیاتی اداروں کی جانب سے ان منصوبوں کے لیے طے شدہ قرضوں کا تقریباً 52 فیصد جاری کیا جاچکا ہے۔ بدھ کے روز پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں قائمہ کمیٹی برائے اقتصادی امور ڈویژن کا اجلاس قائم مقام چیئرمین ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں توانائی اور بجلی کے شعبے میں جاری اور مجوزہ ترسیلی منصوبوں، ان کی مالی معاونت، پیش رفت اور تکمیل کی مدت کے حوالے سے متعلقہ حکام نے تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ 08

شہری ٹریفک قوانین پر عمل کر کے پولیس کے ساتھ تعاون کریں تاکہ ہر قسم کی زحمت سے بچ سکیں۔ موٹر سائیکل اور گاڑی چلانے والے ون ویلنگ، ڈبل پارکنگ اور ون وے پر گاڑی سے گریز کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو عسکری چوک کے قریب ایئرپورٹ روڈ پر آگاہی ریلی کی قیادت اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ 09

سمیت اہم سیاسی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال اور صوبے میں گورننس کے معاملات زیر بحث آئے، جبکہ صوبائی انتظامی امور اور اختیارات کے حوالے سے وفاقی حکومت اور پیپلز پارٹی کے درمیان مشاورت ہوئی۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی کی جانب سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کو صوبائی معاملات میں مؤثر کردار اور مناسب اختیارات دینے کا معاملہ بھی اٹھایا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ملاقات میں آنے والے دنوں کے دوران پارلیمنٹ میں متوقع اہم قانون سازی اور مجوزہ آئینی ترامیم پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔ پیپلز پارٹی نے مؤقف اختیار کیا کہ اہم قانونی بلوں کی منظوری سے قبل پارٹی کو اعتماد میں لیا جائے اور مجوزہ بلوں کے مسودے پیشگی فراہم کیے جائیں تاکہ ان کا جائزہ لے کر اپنی تجاویز اور تحفظات سامنے رکھے جاسکیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے زیر غور قانونی بلوں کے حوالے سے پیپلز پارٹی کے تحفظات وزیراعظم کے سامنے رکھے، جس پر شہباز شریف نے یقین دہانی کرائی کہ قانون سازی کے اہم معاملات میں پیپلز پارٹی کو اعتماد میں لیا جائے گا اور اس کے تحفظات دور کرنے کے لیے مشاورت جاری رکھی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں انتخابی اصلاحات کے لیے پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل اور اس کے سربراہ کے انتخاب کا معاملہ بھی زیر غور آیا۔ پیپلز پارٹی نے انتخابی اصلاحات کی پارلیمانی کمیٹی کی چیئرمین شپ حاصل کرنے میں دلچسپی کا اظہار کیا، جبکہ کمیٹی میں اتحادی جماعتوں کو نمائندگی دینے کے معاملے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان جاری سیاسی معاملات اور مجموعی ملکی سیاسی صورتحال پر بھی گفتگو ہوئی۔ وزیراعظم نے بلاول بھٹو زرداری کو یقین دہانی کرائی کہ آئندہ سیاسی اور قانون سازی کے معاملات پر مشاورت کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا اور اہم فیصلوں میں اتحادی جماعتوں کو اعتماد میں لیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق اہم ملاقات اور عشائیے میں پیپلز پارٹی کے وفد میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی، گورنر پنجاب اور چیئرمین سینیٹ سمیت دیگر رہنما شریک تھے۔ نوید قمر اور راجہ پرویز اشرف نے بھی عشائیے اور اہم ملاقات میں شرکت کی۔ ملاقات کو وفاقی حکومت اور پیپلز پارٹی کے درمیان سیاسی مشاورت، اتحادی تعاون اور آئندہ پارلیمانی و قانون سازی کے معاملات کے تناظر میں اہم قرار دیا جارہا ہے۔

بقیہ 10

کوئٹہ میں بلوچستان کا پہلا ڈیجیٹل میرج رجسٹریشن سرٹیفکیٹ (MRC) جاری کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے پہلے ڈیجیٹل طور پر رجسٹرڈ نکاح رجسٹرار مولوی سمیع اللہ کی رجسٹریشن اور لائسنس کا اجراء 28 اکتوبر 2026ء کو کیا گیا، جبکہ ان کے ذریعے پہلے نکاح کی ڈیجیٹل رجسٹریشن 29 اکتوبر کو مکمل کی گئی اور 30 اکتوبر 2026ء کو میرج رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جاری کیا گیا۔ اس اہم پائلٹ منصوبے کی کامیابی میں ڈاکٹر نوشین خان، ڈپٹی ڈائریکٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ، داؤد مومند، اسسٹنٹ ڈائریکٹر (CRVS) نادرا، اور محمد عارف، فیلڈ آفیسر ضلع کوئٹہ نے اہم کردار ادا کیا، جبکہ مولوی سمیع اللہ نے بلوچستان کے پہلے ڈیجیٹل رجسٹرڈ نکاح رجسٹرار کی حیثیت سے پہلے نکاح کی رجسٹریشن انجام دی۔ نئے ڈیجیٹل نظام کے تحت رجسٹرڈ نکاح رجسٹرار پاک آئی ڈی موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے نکاح کی تفصیلات اور ضروری دستاویزات متعلقہ یونین کونسل کو ارسال کر سکیں گے۔ یونین کونسل سیکرٹری کی جانب سے تصدیق اور منظوری کے بعد میرج رجسٹریشن سرٹیفکیٹ خودکار طریقے سے تیار ہوگا، جسے نکاح رجسٹرار، دلہا اور دلہن اپنے اپنے پاک آئی ڈی اکاؤنٹس کے ذریعے ڈاؤن لوڈ اور پرنٹ کر سکیں گے۔ اس جدید ڈیجیٹل اقدام کا بنیادی مقصد نکاح اور شادی کی رجسٹریشن کے عمل کو شفاف، محفوظ، مؤثر اور تیز رفتار بنانا، دستی کارروائیوں میں کمی لانا اور شہریوں کو جدید سہولیات فراہم کرنا ہے۔ بلوچستان میں اس منصوبے کی کامیاب شروعات سول رجسٹریشن سروسز کی ڈیجیٹلائزیشن کی جانب ایک اہم سنگ میل قرار دی جا رہی ہے، جس سے مستقبل میں اس سہولت کو صوبے کی دیگر یونین کونسلز تک توسیع دینے کی راہ بھی ہموار ہوگی۔

بقیہ 11

کی مالیت 6 ارب ڈالر رکھی۔ حکومت عالمی منڈی سے مزید سرمایہ حاصل کرنے کے لیے یورو بانڈ، پانڈا بانڈ اور ڈالر میں ادائیگی والے بانڈز جاری کرنے کی منصوبہ بندی کر رہی ہے۔ پارلیمنٹ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے بتایا کہ پاکستان کی مالیاتی ضروریات اور عالمی سرمایہ کاروں کی دلچسپی کے پیش نظر مختلف اقسام کے بانڈز کے اجرا کا منصوبہ تیار کیا گیا ہے۔ ان کے مطابق بینکاک میں 80 سے 90 ادارہ جاتی سرمایہ کاروں کے ساتھ ملاقاتیں ہوئیں، جن میں پاکستان کی معاشی صورتحال اور سرمایہ کاری کے امکانات پر بات چیت کی گئی۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ عالمی سرمایہ کاروں کی پاکستان پر واضح نظر ہے اور وہ موجودہ مالیاتی پروگرام سے آگے ملک کے معاشی امکانات کا بھی جائزہ لے رہے ہیں۔ ان کے بقول سرمایہ کار صرف جاری پروگرام تک محدود نہیں بلکہ مستقبل میں پاکستان کی مالیاتی اور اقتصادی پیش رفت میں بھی دلچسپی رکھتے ہیں۔ وزیر خزانہ نے بتایا کہ یورو بانڈ کے اجرا کے لیے ساڑھے پانچ سال اور 10 سال کی مدت پر مشتمل دو حصوں کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ ساڑھے پانچ سالہ مدت رکھنے کا مقصد مستقبل میں بانڈز کی ادائیگیوں کا بوجھ ایک ہی وقت میں جمع ہونے سے بچانا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کے لیے سالانہ ایک سے ڈیڑھ ارب ڈالر کی یورو بانڈ ادائیگیاں قابلِ انتظام ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عالمی مالیاتی منڈیوں سے سرمایہ حاصل کرنے کے مختلف راستوں پر کام کر رہی ہے۔ اگر لیکویڈیٹی سپورٹ کی سہولت دستیاب ہو جاتی ہے تو یہ ایک مثبت پیش رفت ہوگی، تاہم ایسی سہولت نہ ملنے کی صورت میں بھی پاکستان عالمی منڈی سے فنڈنگ حاصل کرنے کا سلسلہ جاری رکھے گا۔ سعودی عرب کی جانب سے فراہم کردہ قلیل مدتی مالی سہولت کے حوالے سے وزیر خزانہ نے کہا کہ اس سہولت کی مدت معقول وقت کے لیے بڑھا دی گئی ہے اور اس معاملے میں کوئی مسئلہ درپیش نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت رواں مالی سال کے اختتام تک زرمبادلہ کے ذخائر کو اس سطح تک لے جانے کی کوشش کر رہی ہے جس سے ملکی درآمدات کا کم از کم چار ماہ کا احاطہ ممکن ہو سکے۔ آئی ایم ایف کے حوالے سے محمد اورنگزیب نے بتایا کہ ادارے کے ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس دسمبر میں متوقع ہے، تاہم اجلاس کی حتمی تاریخ ابھی طے نہیں ہوئی۔ وزیر خزانہ کے مطابق حکومت عالمی سرمایہ کاروں کا اعتماد برقرار رکھنے، مالیاتی ضروریات پوری کرنے اور زرمبادلہ کے ذخائر مستحکم بنانے کے لیے مختلف ذرائع سے سرمایہ حاصل کرنے کی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے۔

بقیہ 12

جانچ پڑتال کے لیے 6 اہم اصول طے کر دیے۔ چیف جسٹس امین الدین خان نے تحریری فیصلہ جاری کیا۔ فیصلے میں قرار دیا گیا کہ محض ایف آئی آر کا اندراج خود بخود سرکاری ملازمت سے نااہلی کی بنیاد نہیں بنے گا، عدالتی بریت کو تسلیم کیا جائے گا اور امیدوار کے پس منظر و اہلیت کا معروضی جائزہ لیا جائے گا۔ کردار کی منفی تصدیق قیاس آرائی کی بجائے مستند اور قابل تصدیق شواہد پر مبنی ہونی چاہیے۔ وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا کہ بریت کے بعد مقدمے کو پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ میں منفی انداز میں ظاہر نہیں کیا جائے گا، زیر سماعت مقدمات میں صرف ان کی زیر سماعت ہونے کی حد تک ذکر ہوگا، کسی بھی امیدوار کو سنوائی کا موقع دیے بغیر اور معقول وجوہات کے بغیر عام طور پر بھرتی سے خارج نہیں کیا جائے گا اور بھرتی کے فیصلے قانونی معیار، میرٹ اور انصاف و مساوات کے آئینی ضابطوں کے مطابق ہوں گے۔ عدالت نے ڈرائیور کانسٹیبل کے عہدے سے نااہل قرار دینے کا نوٹیفکیشن اور ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے بریت کے باوجود بھرتی پر پابندی کو غیر قانونی اور آئین کے آرٹیکل 4 اور 25 کے منافی قرار دے دیا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ کیا بریت کے بعد سابقہ مقدمہ بھرتی میں دائمی نااہلی کی بنیاد بن سکتا ہے؟ صرف ایف آئی آر کا اندراج جرم کا ثبوت نہیں ہوتا اور نہ ہی یہ جرم کا مفروضہ بنتا ہے، بریت کے بعد محض شبے کی بنیاد پر انتظامیہ فیصلہ نہیں کر سکتی۔ ڈی جی خان پولیس کے کریکٹر سرٹیفکیٹ کو بغیر کسی ٹھوس وجہ کے نظرانداز نہیں کیا جا سکتا تھا، محکمہ پولیس کا یہ عمل قانونی بدنیتی اور اختیارات کے غیر قانونی استعمال کے زمرے میں آتا ہے۔ فیصلے میں سورۃ الحجرات، سورۃ النساء اور سورۃ المائدہ کی قرآنی آیات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا کہ اسلامی احکام کے مطابق کوئی بھی منفی اقدام تصدیق شدہ حقائق پر ہونا چاہیے، محض شبے پر نہیں۔ ہائیکورٹ نے اپنے آئینی دائرہ اختیار میں قانونی سقم کو محسوس نہیں کیا۔ عدالت نے درخواست گزار عبداللطیف کی میرٹ لسٹ میں سیکنڈ پوزیشن کے مطابق امیدواری بحال کرنے کا حکم دیتے ہوئے 30 دنوں کے اندر طبی معائنے اور دیگر قانونی کارروائی مکمل کر کے تعیناتی کا آرڈر جاری کرنے کی ہدایت کر دی اور قرار دیا کہ سابقہ ایف آئی آر اور بریت کو اب بھرتی روکنے کی بنیاد نہیں بنایا جا سکتا۔ واضح رہے کہ لاہور ہائیکورٹ ملتان بینچ کے 22 مئی 2025 کے فیصلے کے خلاف اپیل دائر کی گئی تھی۔ درخواست گزار نے ڈرائیور کانسٹیبل کی میرٹ لسٹ میں دوسری پوزیشن حاصل کی تھی اور اسے 2018 میں ایک مقدمے سے بری کیا جا چکا تھا، تاہم بریت اور کلین پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ کے باوجود محکمے نے بھرتی سے انکار کیا تھا۔ محکمے کی جانب سے نمائندگی مسترد ہونے پر ہائیکورٹ میں رٹ اور انٹرا کورٹ اپیل خارج کی گئی تھی۔

بقیہ 13

تفصیلی بریفنگ لی۔ ڈپٹی کمشنر قلات نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی اور مسافروں کو باعزت، محفوظ اور آرام دہ ماحول فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ارباب ٹرمینل کا قیام اور اس میں مرد و خواتین کے لیے علیحدہ ویٹنگ رومز کی دستیابی ایک قابل تحسین اور عوام دوست اقدام ہے۔ ایسے فلاحی منصوبے علاقے کی ترقی اور مسافروں کو درپیش مشکلات میں کمی لانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ عوامی مفاد کے ایسے تمام مثبت اقدامات کی بھرپور سرپرستی کرے گی۔ "علاقے کے عوامی اور سماجی حلقوں نے ارباب ٹرمینل کی بحالی کے لیے ڈپٹی کمشنر قلات کی دلچسپی اور ارباب میر احمد شاہوانی کی کاوشوں کو بے حد سراہا ہے۔

بقیہ 14

خضدار کے معروف چوک غلامانی چوک سے مسلح افراد نے تاجر بہاول خان غلامانی کو اغوا کر لیا، احتجاجاً خضدار زیرو پوائنٹ سے قومی شاہراہ بلاک کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق خضدار غلامانی چوک دکان سے نامعلوم مسلح افراد نے میر بہاول خان غلامانی کو اغوا کر لیا۔ واقعے کے خلاف لواحقین اور مقامی آبادی نے قومی شاہراہ کو ہر قسم کی آمد و رفت کے لیے بلاک کر دیا۔ شاہراہ کی بندش سے سڑک کے دونوں اطراف گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں اور مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ مظاہرین نے انتظامیہ سے میر بہاول خان غلامانی کی فوری اور باحفاظت بازیابی کا مطالبہ کیا۔ مسافروں کی پریشانیوں کو مدنظر رکھ کر انتظامیہ نے مظاہرین سے نتیجہ خیز مذاکرات کر کے قومی شاہراہ کو کھول دیا گیا۔

بقیہ 15

علی شاہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد ایڈووکیٹ شریک ہوئے۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمان، پیپلز پارٹی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف اور رکن قومی اسمبلی سید نوید قمر بھی موجود تھے۔ زرداری ہاؤس میں ہونے والی اس ملاقات میں ملک کی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 16

ڈپٹی کمشنر کیچ نے کہا کہ ٹیچنگ ہسپتال تربت کے قریب قائم میڈیکل اسٹورز کے مالکان معاشرے کے ایک اہم طبقے کی حیثیت سے مستحق اور غریب مریضوں کی مدد، طبی سہولیات تک رسائی اور عوامی فلاح کے دیگر اقدامات میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ کیچ کے ساتھ تعاون کو بھی ناگزیر قرار دیا۔ اس موقع پر میڈیکل اسٹورز مالکان نے بتایا کہ ٹیچنگ ہسپتال تربت کے قریب مجموعی طور پر سات میڈیکل اسٹورز کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ وہ معاشرے کی بہتری اور غریب و مستحق مریضوں کی امداد کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے اور اپنی سماجی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے ادا کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔ میڈیکل اسٹورز مالکان نے مزید کہا کہ وہ ضلعی انتظامیہ کیچ کے ساتھ مکمل تعاون کرتے ہوئے عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات میں بھرپور حصہ لیں گے۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ انتظامیہ اور میڈیکل اسٹورز مالکان کے باہمی تعاون سے مستحق مریضوں کی امداد اور معاشرتی بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 17

جانے والی کوششیں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ان اقدامات کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے پاسپورٹ کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنایا جائے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سے ڈائریکٹر جنرل امیگریشن اینڈ پاسپورٹس چوہدری محمد علی رندھاوا سمیت قبائلی عمائدین، وکلا، سول سوسائٹی کے نمائندوں، طلبا اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقاتیں کیں۔ ان ملاقاتوں میں عوامی مسائل، قومی امور اور ملکی سیاسی و معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈی جی پاسپورٹس سے ملاقات کے دوران پاسپورٹ کے اجرا کے موجودہ نظام، ادارے کی کارکردگی، سیکیورٹی فیچرز اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر سیدال خان ناصر نے کہا کہ پاسپورٹ کے نظام میں بہتری اور عوامی سہولیات کے لیے حکومتی اقدامات خوش آئند ہیں۔ متعلقہ ادارے کی کارکردگی میں بہتری کے لیے کی جانے والی کوششیں قابل ستائش ہیں، تاہم عوام کی سہولت کے لیے مزید مؤثر اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پاسپورٹ کے اجرا کے تمام مراحل میں جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل نظام اور آٹومیشن کے استعمال کو فروغ دیا جائے تاکہ درخواست سے لے کر پاسپورٹ کی فراہمی تک کا عمل تیز رفتار، شفاف اور آسان بنایا جا سکے۔ شہریوں کو غیر ضروری تاخیر، طویل انتظار اور انتظامی پیچیدگیوں کا سامنا نہیں ہونا چاہیے جبکہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کو بھی یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا جدید ٹیکنالوجی اور بہتر انتظامی حکمت عملی کے ذریعے عوام کا اعتماد مزید مستحکم کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے پاسپورٹ ڈائریکٹوریٹ کی مجموعی کارکردگی کو سراہتے ہوئے مزید بہتری، جدید عالمی معیار اور سیکیورٹی تقاضوں کے مطابق اصلاحات جاری رکھنے پر زور دیا۔ ملاقات میں مستقبل قریب میں نادرا کے ذریعے پاسپورٹ کے اجرا کی سہولت متعارف کرانے، پاسپورٹ کی سیکیورٹی مزید مضبوط بنانے اور عالمی سطح پر پاکستانی پاسپورٹ کی درجہ بندی بہتر بنانے کے اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈی جی پاسپورٹس نے بتایا کہ انتظامی نظم و ضبط اور بین الاقوامی تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے آفیشل (بلیو) پاسپورٹس کی تعداد 74 ہزار سے کم کر کے 49 ہزار کر دی گئی ہے۔ دیگر وفود اور شخصیات سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ حکومت معاشی ترقی، مہنگائی میں کمی اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، جس کے مثبت اثرات دیگر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر بھی مرتب ہوں گے۔

بقیہ 18

وں کو ان کی اصل سرمایہ کاری کے ساتھ کبور (شرح) کے مطابق منافع واپس کرنے کا فیصلہ بھی کیا ہے۔ اسلام آباد میں وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے احسن اقبال نے بتایا کہ جے آئی ٹی میں قومی احتساب بیورو (نیب)، وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے)، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر)، سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی)، انٹیلی جنس بیورو (آئی بی) اور انٹر سروسز انٹیلی جنس (آئی ایس آئی) کے نمائندے شامل تھے۔ ٹیم نے منصوبے کے مختلف پہلوؤں کی تفصیلی تحقیقات کے بعد اپنی رپورٹ مرتب کی، جس کی سفارشات وفاقی کابینہ نے منظور کر لی ہیں۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی کے مطابق جے آئی ٹی کی تحقیقات میں انکشاف ہوا کہ منصوبے کی بولی اور نیلامی کے عمل میں رد و بدل کیا گیا، قواعد میں مخصوص فریق کو فائدہ پہنچانے کے لیے نرمی کی گئی اور جس کمپنی کو منصوبے کا لیز دیا گیا، وہ اس کی اہل نہیں تھی۔ انہوں نے کہا کہ کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) بھی ان بے ضابطگیوں میں ملوث پائی گئی، جبکہ منصوبے کے ڈویلپر کو فائدہ پہنچانے کے لیے بینک ضمانت کی لازمی شرط بھی ختم کر دی گئی۔ احسن اقبال کے مطابق منصوبہ بنیادی طور پر پانچ ستارہ ہوٹل کے طور پر منظور کیا گیا تھا، تاہم اس کی آڑ میں غیر قانونی طور پر رہائشی اپارٹمنٹس فروخت کیے گئے۔ احسن اقبال نے بتایا کہ جے آئی ٹی نے اپنی رپورٹ میں عبدالحمید شیخ کو مبینہ طور پر اس منصوبے میں بے ضابطگیوں کا مرکزی کردار قرار دیا ہے۔ رپورٹ میں سی ڈی اے کے متعدد افسران کے نام بھی شامل کیے گئے ہیں، جن میں سابق چیئرمین سی ڈی اے کامران لاشاری، ڈاکٹر فیصل اعوان، عزیز علی چوہدری، بریگیڈیئر (ر) نصر اللہ اور مرحوم رائے نواز کھرل شامل ہیں۔ وزیر منصوبہ بندی کے مطابق ان بے ضابطگیوں کے باعث قومی خزانے کو نقصان پہنچا، جبکہ پاکستان کے متعدد شہریوں کی جمع پونجی بھی دھوکہ دہی کی نذر ہوئی۔ جے آئی ٹی نے سفارش کی ہے کہ عبدالحمید شیخ اور ان کی کمپنی کو مستقبل کے سرکاری منصوبوں میں حصہ لینے سے بلیک لسٹ کیا جائے اور ذمہ دار افراد کے خلاف قانونی کارروائی شروع کی جائے۔ انہوں نے بتایا کہ رپورٹ میں منصوبے کا از سر نو جائزہ لینے اور اسے اس کے اصل منظور شدہ مقصد کے مطابق بحال کرنے کی سفارش بھی کی گئی ہے، جس کے بعد شفاف طریقے سے دوبارہ نیلامی کرائی جائے۔ اس کے علاوہ منصوبے کا نام تبدیل کرنے، تمام ضروری سیکیورٹی منظوریوں کے حصول اور آگ سے بچاؤ کے حفاظتی انتظامات یقینی بنانے کی تجاویز بھی دی گئی ہیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ حکومت نے متاثرہ سرمایہ کاروں کو ریلیف دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایسے افراد جنہوں نے قانونی ذرائع سے حاصل ہونے والی رقم اس منصوبے میں لگائی، انہیں ان کی اصل سرمایہ کاری کے ساتھ کبور شرح کے مطابق منافع بھی واپس کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ جے آئی ٹی نے منصوبے میں حقیقی اور نیک نیتی سے سرمایہ کاری کرنے والے خریداروں کے مفادات کے تحفظ کی سفارش کی ہے، خواہ وہ پاکستان میں مقیم ہوں یا بیرون ملک۔ منصوبے کی مجوزہ از سر نو تشکیل اور تعمیراتی منصوبہ بندی کے تناظر میں ایسے سرمایہ کاروں کے اثاثوں کے تحفظ اور معاوضے کی تجویز بھی دی گئی ہے۔ وزیر منصوبہ بندی نے کہا کہ نیب کو جے آئی ٹی رپورٹ میں نشاندہی کیے گئے تمام افراد کے خلاف جامع تحقیقات کی ہدایت کر دی گئی ہے۔ تحقیقات میں ذمہ دار ثابت ہونے والوں کے خلاف متعلقہ قوانین کے تحت کارروائی کی جائے گی، جبکہ ان افراد کو بھی تحقیقات میں شامل کیا جائے گا جنہوں نے مبینہ طور پر ملزمان کی پشت پناہی یا معاونت کی۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کا ہمیشہ سے مؤقف رہا ہے کہ قانون کی نظر میں امیر اور غریب کے درمیان کوئی فرق نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جے آئی ٹی نے ان خریداروں کے تحفظ کی سفارش کی ہے جنہوں نے اپنی جائز آمدن سے منصوبے میں سرمایہ کاری کی۔ ایسے حقیقی سرمایہ کاروں کو منصوبے کی از سر نو تشکیل کے پیش نظر مناسب معاوضہ فراہم کیا جائے گا۔ عطاء اللہ تارڑ کے مطابق نیب کی تحقیقات تیز رفتاری سے مکمل کرنے کے لیے تین ماہ کی مدت مقرر کی گئی ہے، جبکہ مقدمے کی عدالتی کارروائی بھی شروع کی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کے اقدامات کا مقصد قانون کی بالادستی، سب کے لیے یکساں انصاف اور متاثرہ شہریوں کو ریلیف فراہم کرنا ہے۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا کہ ون کانسٹی ٹیوشن ایونیو کا معاملہ تقریباً دو دہائیوں سے زیر غور ہے، تاہم اس منصوبے کے خلاف بڑی کارروائی دو مرتبہ ہوئی اور دونوں مرتبہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومتوں کے دور میں اقدامات کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے کو سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے طور پر نہیں دیکھا جانا چاہیے۔ طلال چوہدری نے مزید کہا کہ بعض افراد، جن میں پاکستان تحریک انصاف کے بانی بھی شامل ہیں، نے ابھی تک سامنے آ کر یہ وضاحت نہیں کی کہ انہوں نے اپنے اپارٹمنٹس کس طرح حاصل کیے۔ احسن اقبال کے مطابق جے آئی ٹی نے مستقبل میں اس نوعیت کی بے ضابطگیوں کی روک تھام کے لیے سی ڈی اے آرڈیننس کا از سر نو جائزہ لینے اور نگرانی کے نظام کو مؤثر بنانے کے لیے ایک آزاد ماسٹر پلان کمیشن قائم کرنے کی سفارش بھی کی ہے۔ رپورٹ میں سرکاری ریکارڈ کو مکمل طور پر ڈیجیٹل بنانے اور اسٹیٹ پلاننگ، انفورسمنٹ اور بلڈنگ کنٹرول کے شعبوں میں تعینات افسران کے لیے دو سالہ تبادلہ پالیسی متعارف کرانے کی تجویز دی گئی ہے، تاکہ کسی مخصوص مفاداتی گروہ کے اثر و رسوخ اور مستقل مفادات کے قیام کو روکا جا سکے۔ اس کے علاوہ نیلامی، معاہدوں اور دیگر اہم معاملات میں شفافیت یقینی بنانے کے لیے تیسرے فریق کے ماہرین سے خصوصی آڈٹ اور جائزہ لینے کی سفارش بھی کی گئی ہے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی نے کہا کہ حکومت ان سفارشات پر عمل درآمد کے ذریعے نہ صرف ون کانسٹی ٹیوشن ایونیو کے معاملے کو حل کرنا چاہتی ہے بلکہ مستقبل کے سرکاری منصوبوں میں شفافیت، جواب دہی اور شہریوں کی سرمایہ کاری کا تحفظ بھی یقینی بنانا چاہتی ہے۔

بقیہ 19

پر اتفاق کیا گیا کہ پاکستان اور ترکیہ زرعی اور لائیو اسٹاک کے شعبوں میں باہمی تعاون کو عملی مشترکہ منصوبوں میں تبدیل کریں گے۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ وزیر اعظم نے منہ کھر کی بیماری کی ویکسین پاکستان میں مقامی طور پر تیار کرنے کے لیے ترکیہ سے تکنیکی معاونت حاصل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ترکیہ نے اس سلسلے میں پاکستان کو تعاون فراہم کرنے پر اتفاق کیا ہے، جبکہ ویکسین کی تیاری کے لیے تکنیکی معاونت اور تجربات کے تبادلے کی غرض سے ترک ماہرین کا وفد جلد پاکستان کا دورہ کرے گا۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان ترکیہ میں زرعی اور لائیو اسٹاک کے شعبوں سے متعلق تربیت کے مجوزہ پروگرام کے تحت ابتدائی مرحلے میں 30 افراد بھیجنے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے، جبکہ اس پروگرام میں مجموعی طور پر 100 تربیتی شرکاء کی گنجائش رکھی گئی ہے۔ اس اقدام کا مقصد پاکستانی ماہرین اور متعلقہ شعبوں سے وابستہ افراد کو ترکیہ کے تجربات اور جدید طریقہ کار سے روشناس کرانا ہے۔ ترک سفیر ڈاکٹر عرفان نزیر اوغلو نے زرعی شعبے میں مہارت رکھنے والی ترک جامعات اور پاکستانی تعلیمی و تحقیقی اداروں کے درمیان روابط قائم کرنے میں معاونت کی پیشکش بھی کی۔ اس تعاون کے ذریعے زرعی تحقیق، جدید ٹیکنالوجی اور پیشہ ورانہ تربیت کے شعبوں میں مشترکہ سرگرمیوں کو فروغ دینے کے امکانات پر غور کیا گیا۔ رانا تنویر حسین نے بتایا کہ پاکستانی لائیو اسٹاک وفد ترکیہ کے تجربات سے استفادہ کرنے اور پاکستان میں اس شعبے کی ترقی کے لیے اپنی رپورٹ تیار کر رہا ہے۔ ان کے مطابق بیماریوں سے پاک زونز کا قیام پاکستانی گوشت کی برآمدات میں اضافے اور عالمی منڈیوں تک رسائی کے لیے اہم پیش رفت ثابت ہوسکتا ہے۔ ملاقات میں پاکستان اور ترکیہ کے درمیان گوشت کی تجارت بڑھانے اور پاکستانی گوشت کو ترک منڈی تک رسائی فراہم کرنے کے امکانات پر بھی بات چیت ہوئی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ لائیو اسٹاک کے شعبے میں بیماریوں پر قابو پانے، جانوروں کی صحت بہتر بنانے اور برآمدی معیار کے مطابق پیداوار یقینی بنانے کے لیے دونوں ممالک کا تعاون اہمیت رکھتا ہے۔ وفاقی وزیر نے زیتون کی کاشت اور اس سے متعلق مصنوعات کی تیاری میں ترکیہ کے تعاون کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ مظفرآباد میں زیتون کے تیل کی تیاری کے لیے قائم مرکز تقریباً پانچ ہزار کاشتکاروں کے لیے فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بلوچستان، خیبر پختونخوا، چکوال اور اٹک میں زیتون کی پراسیسنگ اور اس کی پیداوار میں اضافی قدر پیدا کرنے کے منصوبوں کو وسعت دینے میں دلچسپی رکھتا ہے۔ رانا تنویر حسین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان اور ترکیہ زراعت اور لائیو اسٹاک کے شعبوں میں تعاون کو محض تبادلہ خیال تک محدود رکھنے کے بجائے قابل عمل مشترکہ منصوبوں کی شکل دیں گے، تاکہ دونوں ممالک کے تجربات سے استفادہ کرتے ہوئے زرعی پیداوار، جانوروں کی صحت اور برآمدات میں بہتری لائی جاسکے۔

بقیہ 20

پے مالیت کے سامان میں مبینہ فراڈ بے نقاب کر دیا۔ درآمدی کنسائنمنٹ کی جسمانی جانچ پڑتال کے دوران ظاہر کردہ سامان کے بجائے مختلف اشیاء برآمد ہوئیں، جس کے ذریعے ڈیوٹی اور ٹیکسوں کی مد میں قومی خزانے کو تقریباً 10 کروڑ 80 لاکھ روپے کا ممکنہ نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی۔ پاکستان کسٹمز کے مطابق یہ معاملہ میسرز بلومنگ بڈز انڈسٹریز کی درآمد کردہ کنسائنمنٹ کی جانچ پڑتال کے دوران سامنے آیا۔ مذکورہ کمپنی ایکسپورٹ پروسیسنگ زون (ای پی زیڈ) رسالپور میں رجسٹرڈ ہے اور اسے مصنوعی پھولوں اور پودوں کی تیاری اور برآمد کے لیے اجازت حاصل ہے۔ کسٹمز حکام نے بتایا کہ درآمد کنندہ کی جانب سے کنسائنمنٹ میں مصنوعی پھول، مشینری کے پرزہ جات اور اسپرے ظاہر کیے گئے تھے، تاہم جب سامان کا عملی معائنہ کیا گیا تو اس میں لوڈ سیلز، خوشبوئیں اور آرائشی مصنوعات برآمد ہوئیں۔ اس طرح درآمدی دستاویزات میں درج تفصیلات اور اصل سامان میں واضح فرق سامنے آیا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق سامان کی غلط اور مبینہ جعلی تفصیلات ظاہر کر کے متعلقہ قوانین اور ضوابط سے بچنے کی دانستہ کوشش کی گئی۔ مزید یہ کہ برآمد ہونے والی اشیا کمپنی کے ای پی زیڈ لائسنس کے تحت منظور شدہ مصنوعات اور اس کی مجاز پیداواری سرگرمیوں کے لیے منظور شدہ خام مال سے بھی مطابقت نہیں رکھتی تھیں۔ دستاویزات کے مطابق میسرز بلومنگ بڈز انڈسٹریز نے مذکورہ سامان کراچی سے ای پی زیڈ رسالپور منتقل کرنے کے لیے 26 ستمبر 2026 کو ٹرانزٹ گڈز ڈیکلریشن نمبر KAPS-TP-15364 فائل کیا تھا۔ تاہم جسمانی معائنے کے دوران سامان کی اصل نوعیت سامنے آنے کے بعد کسٹمز حکام نے معاملے کی مزید تحقیقات شروع کر دیں۔ کسٹمز حکام کے ابتدائی تخمینے کے مطابق کنسائنمنٹ میں شامل سامان کی مجموعی مالیت تقریباً 277 ملین روپے ہے، جبکہ اس معاملے میں ڈیوٹی اور ٹیکسوں کی مد میں تقریباً 108 ملین روپے کی ممکنہ چوری کی کوشش کی گئی۔ پاکستان کسٹمز نے واقعے پر قانونی کارروائی شروع کر دی ہے، جبکہ درآمد کنندہ، اس کے مبینہ ساتھیوں اور سہولت کاروں کے خلاف مقدمے کے اندراج کا عمل جاری ہے۔ اس کے علاوہ معاملے میں ملوث پائے جانے والے تمام افراد کے خلاف قانونی خلاف ورزی سے متعلق کارروائی بھی شروع کر دی گئی ہے۔ پاکستان کسٹمز کا کہنا ہے کہ قومی خزانے کو ممکنہ نقصان سے محفوظ رکھنے، تجارتی فراڈ کی روک تھام اور درآمدی و برآمدی قوانین پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے اقدامات جاری رہیں گے۔ حکام کے مطابق تحقیقات مکمل ہونے کے بعد کیس میں ہونے والی مزید پیش رفت سے آگاہ کیا جائے گا۔

بقیہ 21

مرحومہ شیخ محمود الحسن، شیخ ضیاء الحسن اور شیخ سعید الحسن کی بھابھی اور چیف جسٹس جمال خان مندوخیل، سینیٹر بلال خان مندوخیل (MPA) بلوچستان اسمبلی زرک خان مندوخیل کی چچی تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ کل بروز بدھ 4 نومبر کو شیخان مسجد ژوب میں بعد از نماز ظہر ادا کی جائے گی۔ مرحومہ کی فاتحہ خوانی ژوب میں 4 نومبر سے 6 نومبر جمعہ تک ہوگی۔ کوئٹہ میں فاتحہ خوانی کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

بقیہ 22

ذریعے چادر و چار دیواری کے تقدس کی پامالی کے خلاف پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ، شدید نعرے بازی۔ تفصیلات کے مطابق جمعیت علمائے اسلام پاکستان قلات کے رہنماؤں مفتی لطف الرحمن، مولانا عبدالرحمن رحمانی کی قیادت میں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ اس موقع پر جے یو آئی کے کارکنان کثیر تعداد میں موجود تھے۔ اس موقع پر واقعہ کے خلاف شدید نعرے بازی کی گئی، مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان صاحب کی رہائش گاہ پر ڈرون کیمروں کے ذریعے چادر و چار دیواری کی تقدس کی پامالی قابل قبول نہیں۔ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ پر ڈرون کیمروں کے ذریعے ویڈیو بنانے اسلام آباد پولیس کی جانب سے بلا جواز تنگ کرنے کے شرپسندانہ حرکات سے جمعیت علمائے اسلام کو زیر نہیں کیا جاسکتا اور ایسے حرکات سے قائد اور کارکنان مرعوب نہیں ہوں گے۔ حکومت وقت اپنا یہ رویہ ترک کرے بصورت دیگر قائد جمعیت کے ہر حکم پر لبیک کہتے ہوئے ملک بھر سے جے یو آئی کارکنان کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ آخر میں مظاہرین پر امن طور پر منتشر ہو گئے۔

بقیہ 23

وجہ بنی۔ نیویارک ٹائمز کو انٹرویو دیتے ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ انتخابی نتائج کو قبول کرنے کیلئے مکمل طور پر تیار ہوں، ڈیموکریٹس کے ساتھ مل کر کسی مشترکہ لائحہ عمل پر کام کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیموکریٹک پارٹی کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لئے تیار ہوں، ممکن ہے دونوں جماعتیں کسی معاملے پر اتفاق رائے پیدا کر لیں۔ بعد ازاں وال اسٹریٹ جرنل کو انٹرویو دیتے ہوئے امریکی صدر کا کہنا تھا کہ ایران جنگ اور مہنگائی ریپبلکنز کی شکست کی وجہ بنی، اپنی کابینہ میں تبدیلی کا ارادہ نہیں رکھتا، امیگریشن سمیت متعدد معاملات پر ڈیموکریٹس کے ساتھ مل کر کام کر سکتے ہیں۔ ٹرمپ نے کہا کہ ڈیموکریٹس کی انتخابی کارکردگی کو سراہتا ہوں، ڈیموکریٹس کئی معاملات پر تعاون کر سکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ لوگ پٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے قلیل مدتی اثرات برداشت کرنے کیلئے تیار نہیں تھے، انتخابی نتائج کے ریپبلکنز کے خلاف آنے میں ایران جنگ اہم رہی، ڈیموکریٹس غیر ضروری نوعیت کے بل پیش کریں گے تو ویٹو کروں گا۔

بقیہ 24

بیج برآمد کر کے 46 بوریاں قبضے میں لے لی گئیں۔ حکام کے مطابق برآمد شدہ بیج آئندہ سیزن میں پوست کی کاشت کے لیے استعمال کیے جانے کا خدشہ تھا۔ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن و انسداد منشیات کے حکام کے مطابق برآمد شدہ پوست کے بیجوں کی موجودہ مارکیٹ قیمت تقریباً 1,500 سے 2,000 روپے فی کلوگرام ہے، جس کے حساب سے ضبط شدہ کھیپ کی مجموعی مالیت 37 لاکھ 50 ہزار سے 50 لاکھ روپے کے درمیان بنتی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ پوست کی کاشت کے سیزن سے قبل اتنی بڑی مقدار میں بیجوں کی برآمدگی ایک اہم پیشگی کارروائی ہے، جس سے زیڈ ایچ کیو کوئٹہ کے حدود اختیار میں پوست کی ممکنہ کاشت کی روک تھام اور اس کے پھیلاؤ کو محدود کرنے میں مدد ملے گی۔ اس کارروائی سے پوست کے بیجوں کی خریداری، ذخیرہ اندوزی اور ممکنہ ترسیل میں ملوث عناصر اور نیٹ ورکس کی نشاندہی کی راہ بھی ہموار ہو سکتی ہے۔ برآمد شدہ بیج مزید قانونی کارروائی اور محفوظ تحویل کے لیے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن پشین کے حوالے کر دیے گئے ہیں، جبکہ اس سلسلے میں قدرت اللہ نامی شخص، سکنہ کلی ترائی پشین، کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں، جن کے دوران برآمد شدہ بیجوں کے اصل ذرائع، ممکنہ سہولت کاروں، خرید و فروخت میں ملوث افراد اور ان علاقوں کا تعین کیا جا رہا ہے جہاں ان بیجوں کے ذریعے پوست کی کاشت کا منصوبہ تھا۔ حکام نے اس کارروائی کو پوست کی ممکنہ کاشت کے خلاف ایک اہم پیشگی کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس نوعیت کے اقدامات کا مقصد منشیات کی پیداوار کی روک تھام، غیر قانونی سرگرمیوں کا سدباب اور متعلقہ نیٹ ورکس کے خلاف قانونی کارروائی کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 25

ک مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی تعداد میں 2 لاکھ سے زائد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جو ملکی کیپٹل مارکیٹ میں بڑھتی ہوئی دلچسپی اور سرمایہ کاری کے رجحان کی عکاسی کرتا ہے۔ نئے سرمایہ کاروں میں نوجوانوں کی شمولیت خاص طور پر نمایاں رہی۔ اکتوبر میں کھولے گئے نئے اکاؤنٹس میں 55 فیصد حصہ 18 سے 30 سال کی عمر کے افراد کا تھا، جنہوں نے مجموعی طور پر 14 ہزار 634 اکاؤنٹس کھولے، جبکہ 31 سے 45 سال کی عمر کے افراد نے 9 ہزار 290 نئے اکاؤنٹس کھولے۔ مزید برآں، نئے اکاؤنٹس میں 77 فیصد حصہ چھوٹے سرمایہ کاروں کا رہا، جو عام شہریوں کی جانب سے اسٹاک مارکیٹ میں بڑھتی ہوئی دلچسپی کو ظاہر کرتا ہے۔ ایس ای سی پی کے مطابق اکتوبر 2026 میں 801 بڑے سرمایہ کاروں اور 42 کارپوریٹ اکاؤنٹس سمیت نئے سرمایہ کاروں کی وسیع تعداد نے مارکیٹ میں شمولیت اختیار کی۔ صنفی اعتبار سے نئے اکاؤنٹس میں مردوں کا حصہ 85 فیصد جبکہ خواتین کا حصہ 15 فیصد رہا۔ اس دوران مردوں نے 22 ہزار 878 اور خواتین نے 3 ہزار 923 نئے اکاؤنٹس کھولے۔ علاقائی اعتبار سے پنجاب 14 ہزار 891 نئے اکاؤنٹس کے ساتھ سرفہرست رہا، جبکہ سندھ سے 7 ہزار 643، خیبر پختونخوا سے ایک ہزار 894 اور اسلام آباد سے ایک ہزار 419 نئے اکاؤنٹس کھولے گئے۔ بلوچستان سے 370، آزاد کشمیر سے 340، گلگت بلتستان سے 150 جبکہ بیرون ملک مقیم سرمایہ کاروں کی جانب سے 136 نئے اکاؤنٹس کھولے گئے۔ دوسری جانب پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج میں بھی سرمایہ کاروں کی تعداد میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ اکتوبر کے دوران ایک ہزار 77 نئے اکاؤنٹس کھولے گئے، جس کے بعد مرکنٹائل ایکسچینج میں سرمایہ کاروں کی مجموعی تعداد 61 ہزار 915 ہو گئی ہے۔ ایس ای سی پی کے مطابق پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں اکاؤنٹ کھولنے کے عمل کو آسان بنایا گیا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ شہری سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھا سکیں۔ رواں سال 2026 میں اب تک اسٹاک مارکیٹ میں 13 نئی پبلک آفرنگز بھی ہو چکی ہیں، جبکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے کے ایس ای 100 انڈیکس نے مالی سال 2025-26 کے دوران 43.5 فیصد منافع فراہم کیا۔ چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر سدھو نے کہا کہ سرمایہ کاری کے عمل کو آسان اور محفوظ بنانا اور سرمایہ کاروں کے حقوق کا تحفظ کمیشن کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاروں کا اعتماد برقرار رکھنے کے لیے مارکیٹ میں شفافیت، مؤثر نگرانی اور سرمایہ کاروں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا۔ ڈاکٹر کبیر سدھو کے مطابق ملک میں سرمایہ کاروں کی تعداد 25 لاکھ تک بڑھانے کے لیے ملک گیر آگاہی مہم جاری ہے، جس کا مقصد عام شہریوں، بالخصوص نوجوانوں اور چھوٹے سرمایہ کاروں کو کیپٹل مارکیٹ کے مواقع سے روشناس کرانا ہے۔ ایس ای سی پی کا کہنا ہے کہ نئے سرمایہ کاروں کی بڑھتی ہوئی شمولیت، اکاؤنٹ کھولنے کے آسان طریقہ کار اور سرمایہ کاروں کے حقوق کے تحفظ کے اقدامات پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ کو مزید وسعت دینے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

بقیہ 26

سے ہفتے میں دو دن ڈاکٹر خدمات فراہم کی جائیں گی، جو جیل کا دورہ کر کے قیدی مریضوں کا طبی معائنہ کریں گے اور انہیں ضروری علاج و معالجے کی سہولت فراہم کریں گے۔ دوران ملاقات جیل حکام نے مچھروں اور دیگر حشرات سے بچاؤ کے لیے جیل میں اسپرے کرانے کی درخواست بھی کی، جس پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف رند نے فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو جیل میں اسپرے کرنے کے احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ جیل منیر احمد شہ نگری نے قیدیوں کو طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے تعاون اور جیل کی صحت سے متعلق مسائل پر فوری توجہ دینے پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف رند کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ محکمہ صحت اور جیل انتظامیہ کے درمیان باہمی تعاون سے قیدیوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی اور صحت و صفائی کے مسائل کے حل میں مدد ملے گی۔

بقیہ 27

میں سرمایہ کاری کرنے والے متاثرہ افراد کو ان کی ادا کردہ رقوم واپس کی جائیں گی۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ حکومت طویل عرصے سے جے آئی ٹی رپورٹ کا انتظار کر رہی تھی، جسے آج وفاقی کابینہ نے منظور کر لیا ہے۔ ان کے مطابق رپورٹ کی منظوری اور قانونی پیش رفت کے بعد کانسٹی ٹیوشن ون کا قبضہ حکومت کے پاس آ گیا ہے۔ عمارت کو اصل مقصد کے مطابق ہوٹل میں تبدیل کیا جائے گا۔ محسن نقوی نے کہا کہ اسلام آباد میں ہوٹلوں کی شدید کمی ہے، جبکہ کانسٹی ٹیوشن ون کی عمارت بھی بنیادی طور پر ہوٹل کے طور پر استعمال کرنے کے لیے منظور کی گئی تھی۔ حکومت کی کوشش ہے کہ آئندہ چند ماہ میں اسے پانچ ستارہ ہوٹل میں تبدیل کر دیا جائے، جس سے وفاقی دارالحکومت کے شہریوں اور یہاں آنے والے مہمانوں کو معیاری رہائشی سہولت میسر آسکے گی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں سرکاری زمینوں پر جس بڑے پیمانے پر قبضے کیے گئے ہیں، اس کا اندازہ لگانا بھی مشکل ہے۔ سرکاری اراضی پر قبضے کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے اور جہاں بھی سرکاری زمین پر غیر قانونی قبضہ ہوگا، اسے ہر حال میں واگزار کرایا جائے گا۔ وزیر داخلہ نے کانسٹی ٹیوشن ون کا قبضہ حاصل کرنے کے دوران پیش آنے والی صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ جس روز حکومت نے عمارت کا قبضہ لینے کی کوشش کی، اس وقت ایک عجیب ماحول پیدا کر دیا گیا۔ ایسا تاثر دیا گیا جیسے حکومت نے کوئی غیر قانونی کام کیا ہو، حالانکہ مقصد صرف قانون کے مطابق کارروائی کرتے ہوئے سرکاری زمین واگزار کرانا تھا۔ محسن نقوی نے کہا کہ اس معاملے میں وزیراعظم شہباز شریف کی انہیں مکمل حمایت حاصل رہی۔ حکومت کا مقصد ایسا یکساں معیار قائم کرنا ہے جہاں امیر اور غریب کے لیے الگ الگ اصول نہ ہوں۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ سرکاری زمینوں اور تجاوزات کے خلاف کارروائی کے دوران انہیں مختلف حلقوں کی جانب سے دباؤ کا سامنا کرنا پڑا۔ ان کا کہنا تھا کہ کارروائی روکنے یا متاثر کرنے کے لیے کہاں کہاں سے دباؤ آیا، اس کی تفصیلات بیان کرنا بھی ممکن نہیں، تاہم حکومت اپنے مؤقف پر قائم رہی اور کسی کو رعایت نہیں دی گئی۔ وفاقی وزیر داخلہ نے واضح کیا کہ حکومت کا مقصد صرف تجاوزات کے خلاف کارروائی کرنا نہیں بلکہ سرکاری زمینوں پر قبضوں میں ملوث عناصر کو قانون کے مطابق انجام تک پہنچانا بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اراضی پر قبضہ کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ متعلقہ اداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ ایسے معاملات میں کارروائی کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے۔ محسن نقوی نے سی ڈی اے کے ارکان کو بھی ہدایت کی کہ سرکاری زمینوں کی واگزاری اور قبضہ مافیا کے خلاف اقدامات میں آج کے بعد کسی قسم کی نرمی نہ برتی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ زمین سرکاری ہونے کی صورت میں کسی بااثر شخصیت یا عام شہری کے لیے الگ معیار نہیں ہوگا۔ ون کانسٹی ٹیوشن ایونیو منصوبے کے متاثرین کے حوالے سے محسن نقوی نے کہا کہ جن افراد نے اس منصوبے میں رقوم جمع کرائی ہیں، انہیں ان کی ادا کردہ رقم واپس کی جائے گی۔ حکومت اس بات کو یقینی بنائے گی کہ متاثرہ سرمایہ کاروں کے ساتھ ناانصافی نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد سرکاری زمین کو قبضے سے آزاد کرانا، قانون کی بالادستی قائم کرنا اور متاثرہ شہریوں کو ریلیف فراہم کرنا ہے۔ سرکاری اراضی جہاں بھی غیر قانونی قبضے میں ہوگی، اسے واگزار کرانے کے لیے کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 28

میں اضافہ ہو گیا صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور صوبے کے سرد شمالی علاقوں میں سردی کے آغاز سے ہی سوئی گیس کے پریشر میں کمی اور لوڈشیڈنگ کی وجہ سے شہریوں کی مشکلات بڑھ گئی ہے جبکہ شہری حکومت کے مقرر کردہ نرخ پر ایل پی جی گیس نہ ملنے کی وجہ سے دکانداروں کی جانب سے من مانا دام مقرر کر کے 550 روپے سے 600 روپے فی کلو ایل پی جی گیس خریدنے پر مجبور ہیں۔

بقیہ 29

کرکنائی سردار یحییٰ خان لونی، شیخ الرحمن لانگو، ڈاکٹر حفیظ الرحمن کھوسہ اور گریگری الوئیجنٹ نے اپنے مشترکہ بیان میں ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے کلی نکہ مسیزئی میں رات کے اندھیرے میں نامعلوم مسلح افراد کی گاؤں پر دھاوے اور بے گناہ شہریوں کے قتل اور اغواء کے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت اور انتظامیہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کی قانونی ذمہ داری کو پورا کرنے سے دستبردار ہو گئے ہیں بغیر کسی جرم و دشمنی اور وجہ کے مسلح لوگ آتے ہیں بے گناہ عوام کو نشانہ بنا کر بحفاظت چلے جاتے ہیں اور عوام کو احتجاجوں اور دھرنوں کے ذریعے حکومت وقت کو اپنی ذمہ داری کو پورا کرنے کی جانب متوجہ کرانا پڑتا ہے انہوں نے کہا ہے کہ علاقے میں آئے روز اس قسم کے واقعات پیش آ رہے ہیں قومی شاہراہ پر سرعام ٹرکوں سے بھتہ وصول کیا جاتا ہے اور مسافروں کو لوٹا جاتا ہے اس کے باوجود انتظامیہ کے جانب سے عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے کسی بھی قسم کا اقدام نظر نہیں آتا انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ کلی نکہ مسیزئی کے واقعے کے خلاف دھرنے پر بیٹھے ہوئے عوام کے جائز مطالبات پورے کئے جائیں واقعے کے مغوی کو بازیاب علاقے میں قانون اور انتظامیہ کی رٹ قائم کرتے ہوئے امن و امان کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں۔

بقیہ 30

جس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات نے جاری منصوبوں اور پیش رفت سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچستان کے 9 شہروں میں سیف سٹی منصوبوں پر کام جاری ہے۔ ڈی جی پنجاب سیف سٹی اتھارٹی احسن یونس نے بتایا کہ پنجاب سیف سٹی اتھارٹی بلوچستان کے عملے کی تربیت، استعداد کار میں اضافے اور جدید تکنیکی معاونت فراہم کرے گی تاکہ صوبے میں سیف سٹی منصوبوں کو مؤثر انداز میں فعال بنایا جا سکے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سیف سٹی منصوبے محض نگرانی کا نظام نہیں بلکہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے جدید سیکیورٹی انفراسٹرکچر کی بنیاد ہیں۔ بلوچستان میں امن و امان کے قیام، جرائم کی روک تھام اور شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور مؤثر سیکیورٹی مانیٹرنگ ناگزیر ہے۔ جدید نگرانی کے نظام سے جرائم پیشہ عناصر کی نقل و حرکت پر نظر رکھنے، مشتبہ سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے فوری ردعمل کو مؤثر بنانے میں مدد ملے گی۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ صوبے کے 9 شہروں میں جاری سیف سٹی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور ذمہ داری کے ساتھ منصوبوں کی مقررہ مدت میں تکمیل یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے سیکیورٹی مانیٹرنگ کو مؤثر بنا کر جرائم کی روک تھام اور امن و امان کی صورتحال میں بہتری لائی جا سکتی ہے۔ شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا حکومت کی اہم ذمہ داری ہے اور وہ سیف سٹی منصوبوں پر پیش رفت کی خود نگرانی کر رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے بلوچستان سیف سٹی منصوبوں میں تعاون اور معاونت پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ صوبوں کے درمیان ادارہ جاتی تعاون اور تجربات کا تبادلہ عوامی تحفظ کے مشترکہ اہداف کے حصول میں معاون ثابت ہوگا

بقیہ 01

جنازوں کے ہمراہ احتجاج کرنا ایک انتہائی تکلیف دہ انسانی المیہ ہے جہاں لوگ اپنے پیاروں کی میتوں کے ساتھ انصاف اور تحفظ کے حصول کے لیے سڑکوں پر نکلنے پر مجبور ہیں یہ صورت حال حکمرانوں اور متعلقہ اداروں کے لیے لمحہ فکریہ ہے بیان میں کہا گیا کہ پشتونخوا اور بلوچستان کے عوام کو ایک طویل عرصے سے بدامنی دہشت گردی عدم تحفظ اور معاشی مشکلات کا سامنا ہے آئے روز پیش آنے والے دہشت گردی کے واقعات نے انسانی زندگی کو غیر محفوظ بنا دیا ہے عوام خوف و ہراس کے ماحول میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں کاروباری سرگرمیاں متاثر تجارتی راستے محدود اور روزگار کے مواقع سکڑتے جا رہے ہیں مسلسل بدامنی نے نہ صرف عوام کے جان و مال کو خطرات سے دوچار کیا ہے بلکہ پورے خطے کی معاشی و سماجی زندگی کو بھی بری طرح متاثر کیا ہے صوبائی بیان میں مزید کہا گیا کہ ایک جانب دہشت گردی کے واقعات میں قیمتی انسانی جانیں ضائع ہو رہی ہیں تو دوسری جانب پشتون عوام کے وسائل معاشی مواقع اور بنیادی حقوق پر مسلسل قدغنیں عائد ہیں معاشی قتل عام کا سلسلہ اپنی جگہ جاری ہے جس کے باعث عوام غربت بے روزگاری اور معاشی بدحالی کی دلدل میں دھنستے جا رہے ہیں پشتونخوا اور بلوچستان کے عوام یہ سوال کرنے میں حق بجانب ہیں کہ آخر کب تک انہیں بدامنی عدم تحفظ اور معاشی محرومیوں کے حوالے رکھا جائے گا اور کب ان کی جان و مال کے تحفظ کو ریاستی ترجیحات میں عملی طور پر شامل کیا جائے گا بیان میں کہا گیا کہ جنازوں کے ساتھ احتجاج کسی ایک خاندان یا علاقے کا مسئلہ نہیں بلکہ یہ پورے معاشرے کے اجتماعی دکھ، محرومی اور بے بسی کی عکاسی کرتا ہے جب عوام اپنے پیاروں کی لاشیں سامنے رکھ کر انصاف امن اور تحفظ کا مطالبہ کریں تو یہ اس امر کی نشاندہی ہے کہ معمول کے انتظامی اقدامات عوام کا اعتماد بحال کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ ایسے حالات میں محض زبانی یقین دہانیاں کافی نہیں بلکہ عوام کے تحفظ، دہشت گردی کے خاتمے اور متاثرہ خاندانوں کو انصاف کی فراہمی کے لیے ٹھوس اور قابل عمل اقدامات ناگزیر ہیں عوامی نیشنل پارٹی نے واضح کیا کہ پشتون اولس کو درپیش موجودہ حالات میں باہمی اتحاد و اتفاق سیاسی شعور اور جمہوری جدوجہد ہی وہ راستہ ہے جس کے ذریعے عوام اپنے اجتماعی حقوق کے لیے مؤثر آواز بلند کر سکتے ہیں۔ سیاسی جماعتوں قبائلی عمائدین سماجی تنظیموں اور عوامی نمائندوں پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ عوام کے دکھ درد میں شریک ہوں اور امن و انصاف کے مطالبات کو مشترکہ طور پر آگے بڑھائیں۔ بیان کے آخر میں سانحہ تنگ مسے زئی کے احتجاجی دھرنے کے تمام مطالبات کی حمایت کرتے ہوئے مطالبہ کیا گیا کہ دھرنے کے شرکاء کے جائز مطالبات فوری طور پر تسلیم کیے جائیں، سانحے کے ذمہ داروں کا تعین کر کے انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جائے متاثرہ خاندانوں کو انصاف فراہم کیا جائے اور پشتونخوا و بلوچستان میں امن و امان کے قیام، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور معاشی سرگرمیوں کی بحالی کے لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات اٹھائے جائیں۔

بقیہ 02

و ترقیاتی منصوبوں اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر وڈھ رحمت اللہ مرادو دشتی نے واضح کیا کہ نئے ضلع میں تمام محکموں پر عوامی خدمت کی بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ تمام دفاتر میں افسران اور عملے کی وقت کی پابندی اور حاضری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو کسی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انتظامیہ کا بنیادی مقصد عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے۔ ہر محکمے کو اپنے شعبے میں نمایاں اور واضح کارکردگی دکھانی ہوگی۔ تمام ڈیپارٹمنٹس باہمی تعاون کو فروغ دیں اور انتظامی و ترقیاتی کاموں میں شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہ کریں۔ ڈپٹی کمشنر رحمت اللہ مرادو دشتی نے خبردار کیا کہ کارکردگی میں غفلت یا لاپرواہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے تمام آفیسران کو اپنی صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہوئے ضلع وڈھ کو ایک ماڈل ضلع بنانے کے لیے سخت محنت کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 03

گاہ کی ڈرون فوٹیج بنا کر چادر و چار دیواری کے تقدس کو پامال کیا گیا، یہ رویہ دلیل کا جواب بداخلاقی سے دینے اور سیاسی شکست کا اعتراف کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ قیادت کے حکم پر صرف تین چار گھنٹے کے نوٹس پر اس عظیم الشان مظاہرے میں کارکنوں اور عوام کی بھرپور شرکت نے واضح پیغام دے دیا ہے کہ اگر مختصر وقت میں اتنا بڑا اجتماع ہو سکتا ہے تو باقاعدہ تیاری کے بعد جمعیت کی عوامی قوت کا مقابلہ کرنا مخالفین کے لیے ممکن نہیں ہوگا۔ انہوں نے کارکنوں کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اب گھروں میں بیٹھنے کا نہیں بلکہ میدان میں نکلنے کا وقت ہے، قائد کے ساتھ کیے گئے عہد کو پورا کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام نے ہمیشہ پاکستان کے استحکام اور وحدت کے لیے جدوجہد کی ہے، مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے سانحے کے باوجود ہمارے اکابرین نے ملک کو بچانے اور قومی یکجہتی برقرار رکھنے کی کوششیں جاری رکھیں، جبکہ 2008 میں ہزاروں علما کے دستخطوں سے واضح کیا گیا کہ پاکستان میں مسلح جدوجہد کی کوئی گنجائش نہیں، اس کے باوجود ملک میں دہشت گردی اور پراکسی پالیسیوں کا سلسلہ جاری رکھا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے معدنی وسائل سے متعلق متنازع بل کے معاملے پر جمعیت علما اسلام نے وفاقی کابینہ کا بائیکاٹ کر کے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے منظور شدہ بل واپس لینے پر مجبور کیا، یہ جمعیت کی اصولی اور پارلیمانی جدوجہد کی تاریخی مثال ہے، اسی اقدام سے بعض قوتیں ناراض ہوئیں اور جمعیت کو سیاسی طور پر نقصان پہنچانے کی کوششیں کی گئیں۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ اٹھارویں یا اٹھائیسویں صوبوں کے نام پر ملک کی وحدت اور قومی یکجہتی کو خطرات سے دوچار کرنے کی کسی کوشش کو قبول نہیں کیا جائے گا، پاکستان کی جغرافیائی اور نظریاتی وحدت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ قائد جمعیت کی رہائش گاہ کی فضائی نگرانی اور فوٹیج بنانے کے معاملے پر وضاحت دی جائے اور اٹھائے گئے سوالات کے جواب دلیل اور آئین کے دائرے میں دیے جائیں، جمعیت علما اسلام پاکستان کے استحکام، آئینی بالادستی، جمہوری حقوق اور عوامی مفادات کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 04

خاندان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ میرا چھوٹا بھائی مہراللہ 6 ماہ قبل گھر سے شکار کیلئے چلا گیا تلاش کرنے اور رابطہ کرنے کی بہت کوشش کی لیکن کچھ معلوم نہیں ہو سکا اگر اس کا تعلق کسی بھی مسلح تنظیم سے ہوا تو میرا اور میرے خاندان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔

بقیہ 05

کے خلاف ضلع چاغی کے صدر مقام تحصیل دالبندین میں جمعیت علماء اسلام ضلع چاغی کے زیر اہتمام مرکزی جامع مسجد سے احتجاجی ریلی نکالی گئی جس کے بعد دالبندین پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاجی مظاہرے سے جمعیت علماء اسلام ضلع چاغی کے ضلعی امیر حضرت مولانا صالح محمد حقانی، ضلعی جنرل سیکرٹری سردار نجیب جان سنجرانی، تحصیل دالبندین کے امیر مولانا سید محمد ہاشم آغا، جنرل سیکرٹری جے یو آئی دالبندین و ضلعی ترجمان حافظ علی محمد بزنجو، ضلعی معاون سالار حافظ محمد الیاس بزنجو، جے ٹی آئی ضلعی جنرل سیکرٹری ابراہیم خان بزنجو نے خطاب کیا مقررین نے وفاقی حکومت کی جانب سے عالم اسلام کے عظیم قائد حضرت مولانا فضل الرحمان کے ذاتی گھر کے اوپر ڈرون اڑانے اور ڈرون کے فوٹیجز بنانے کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے کارکنان اپنے قائد کے حفاظت اور انکی عزت و حرمت کیلئے کٹ مرنے کو تیار ہیں۔ جمعیت علماء اسلام آئین کا وفادار ہے اور آئین کے تحت ملک میں رہنا چاہتا ہے اور سیاست کرنا چاہتا ہے وگرنہ کسی بھی سرکاری ہٹ دھرمی کے خلاف کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ قائد جمعیت لاکھوں کارکنوں کے لیئے ریڈ لائن ہے حکمران ہمارے لیڈر لائن تک پہنچنے سے گریز کریں وگرنہ ہر قسم کے قربانی کے لئے کارکنان ہمہ وقت تیار ہیں۔ ضلع چاغی میں امن و امان کے حوالے سے مقررین نے کہا کہ ضلع چاغی امن کا گلدستہ تھا لیکن اس امن کو وحشت میں تبدیل کر دیا گیا ہے سرعام چور چوری کرتے ہیں اور انتظامیہ خاموش ہے۔ شرکاء نے وفاقی حکومت کے گھناؤنے حرکت کے خلاف اسلام آباد پولیس اور حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ مظاہرے کے اختتام پر ضلعی رہنما ممتاز عالم دین مفتی کریم بخش نے اختتامی دعا کی۔

بقیہ 06

عنوان سے ایک خصوصی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ سیشن کی میزبانی شعبہ نیچرل اینڈ بیسک سائنسز کے یوتھ لیڈر فراز احمد نے کی۔ سیشن کے آغاز میں کمپائن فاؤنڈیشن کے رضا کاروں نے تنظیم کا تعارف پیش کرتے ہوئے جامعات، یوتھ لیڈرز اور رضا کاروں کے نیٹ ورک کے ذریعے ملک بھر میں نوجوانوں کے لیے جاری مختلف پروگرامز پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ بعد ازاں شرکاء کو مصنوعی ذہانت کی تکنیکی صلاحیتوں اور انسانی جذبات و احساسات کے درمیان بنیادی فرق سے روشناس کرایا گیا۔ سیشن کو مزید جامع اور دلچسپ بنانے کے لیے کوئز مقابلوں اور ویڈیو پریزنٹیشن کا اہتمام بھی کیا گیا، جس میں طلبہ نے بھرپور دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔ جامعہ تربت کے ترجمان کے مطابق وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے عصر حاضر کے تقاضوں کے پیش نظر اس نوعیت کے مفید اور جدید سیشن کے انعقاد پر کمپائن فاؤنڈیشن، جامعہ تربت کی اسٹوڈنٹ کلبز اینڈ سوسائٹیز، اور یوتھ لیڈرز کی کاوشوں کو سراہا۔ اپنے پیغام میں وائس چانسلر کا کہنا تھا کہ جامعہ تربت مستقبل میں بھی ایسے پروگرامز کا انعقاد جاری رکھے گی جو طلبہ میں تنقیدی سوچ، قائدانہ صلاحیتوں اور ڈیجیٹل مہارتوں کے فروغ کا باعث بنیں۔ سیشن میں جامعہ تربت کی فیکلٹی ممبران ڈاکٹر جہانگیر خان اور ڈاکٹر نعیم اللہ کے علاوہ اساتذہ اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ 07

نلسٹس، بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے مطالبات پر فوری عمل درآمد کے حق میں خان میر احمد یار خان پریس کلب قلات کے صحافیوں کی جانب سے پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا اس موقع پر صحافیوں نے اپنے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ رکھی تھیں جبکہ ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جن پر مختلف مطالبات اور نعرے درج تھے، احتجاجی مظاہرے میں پریس کلب کے صدر میر شادی خان مینگل، جنرل سیکرٹری میر غلام حسین شاہوانی سمیت عہدیداران یوسف مینگل، فیض نیچاری، آغا قادر شاہ، عبدالواحد دہوار، امجد سلامی، نائب صدر اسرار مینگل، میر گل لہڑی، یوسف سمالانی، شیر یار مینگل سمیت دیگر صحافیوں نے شرکت کی، مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ صحافیوں کی نمائندہ تنظیموں کے مطالبات پر فوری عمل درآمد یقینی بنایا جائے صحافیوں پر ہونے والے مقدمات واپس لیکر صحافیوں کو تحفظ فراہم کیا جائے آخر میں شرکاء پر امن طور پر منتشر ہو گئے

بقیہ 08

خانوزئی، مسلم باغ اور خان مہترزئی کے روٹ پر ہیوی ٹرکوں کو مال سمیت اغوا کرنے کے واقعات انتہائی تشویشناک ہیں، جبکہ بعض اوقات خالی ٹرک بھی اغواء کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان واقعات کے باعث ٹرانسپورٹرز اور ڈرائیوروں میں شدید خوف و ہراس پایا جاتا ہے اور کروڑوں روپے کا نقصان ہونے کا خدشہ ہے۔ حکومت اور متعلقہ سکیورٹی ادارے فوری نوٹس لیتے ہوئے مذکورہ شاہراہ پر ٹرانسپورٹروں، ڈرائیوروں اور ان کے مال و اسباب کو مکمل تحفظ فراہم کریں، اغواء کی وارداتوں میں ملوث عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کی معیشت اور اشیائے ضروریہ کی ترسیل کا دارومدار مال بردار ٹرانسپورٹ پر ہے، لہٰذا ٹرانسپورٹروں کو تحفظ فراہم کیا جائے تاکہ بلاخوف و خطر ہمارا پہیہ چلتا رہے اور عوام کو اشیائے ضروریہ کی فراہمی متاثر نہ ہو۔

بقیہ 09

و ترقیاتی منصوبوں اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر وڈھ رحمت اللہ مرادو دشتی نے واضح کیا کہ نئے ضلع میں تمام محکموں پر عوامی خدمت کی بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ تمام دفاتر میں افسران اور عملے کی وقت کی پابندی اور حاضری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو کسی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انتظامیہ کا بنیادی مقصد عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے۔ ہر محکمے کو اپنے شعبے میں نمایاں اور واضح کارکردگی دکھانی ہوگی۔ تمام ڈیپارٹمنٹس باہمی تعاون کو فروغ دیں اور انتظامی و ترقیاتی کاموں میں شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہ کریں۔ ڈپٹی کمشنر رحمت اللہ مرادو دشتی نے خبردار کیا کہ کارکردگی میں غفلت یا لاپرواہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے تمام آفیسران کو اپنی صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہوئے ضلع وڈھ کو ایک ماڈل ضلع بنانے کے لیے سخت محنت کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 10

گیا ہے، ضلعی پولیس آفیسر عبدالستار دشتی کی قیادت میں ہونے والے اس گرینڈ آپریشن میں اسسٹنٹ کمشنر توبہ کاکڑی معید جاموٹ سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے فورسز کے دستوں نے بھرپور حصہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق سیکیورٹی فورسز اور انتظامیہ نے توبہ کاکڑی کے دور افتادہ سرحدی علاقے "ژڑ

کلی تنگ مسیزئی، ضلع قلعہ عبداللہ کے شہدا کے لواحقین اور دھرنے کے ہزاروں شرکا کے مطالبات فی الفور تسلیم کیے جائیں

پشتون علاقوں میں مسلسل دہشتگردی کے واقعات انتہائی تشویشناک ہیں، پشتونخوا نیپ

علاقے سے مسلح جتھوں اور دہشت گردوں کا خاتمہ کیا جائے اور منشیات و افیون کی کاشت کا مکمل سدباب کیا جائے

میزئی اڈہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکریٹری اطلاعات محمد عیسی روشان، صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے اور مرکزی سیکریٹری حاجی اعظم خان مسیزئی نے کہا ہے کہ کلی تنگ مسیزئی، ضلع قلعہ عبداللہ کے شہدا کے لواحقین اور دھرنے کے ہزاروں شرکا کے مطالبات فی الفور تسلیم کیے جائیں۔ حیدر خان کاکڑ کو بحفاظت بازیاب کرایا جائے، علاقے سے مسلح جتھوں اور دہشت گردوں کا خاتمہ کیا (باقی صفحہ 3 نمبر 35)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی ملک محمد نعیم بازئی ملاقات کر رہے ہیں

اختلافات بالائے طاق رکھتے ہوئے متحد و متفق ہوکر اپنے حقوق، امن، تحفظ اور بقا کیلئے ظلم و جبر کے خلاف مشترکہ آواز بلند کریں

آئے روز پیش آنے والے دہشتگردی کے واقعات نے انسانی زندگی کو غیر محفوظ بنا دیا ہے، اے این پی

پشتون خوا اور بلوچستان کے عوام کو ایک طویل عرصے سے بدامنی دہشت گردی عدم تحفظ اور معاشی مشکلات کا سامنا ہے

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں سانحہ تنگ مسے زئی تحصیل گلستان کے خلاف جاری احتجاجی دھرنے کے شرکا کی مطالبات کی مکمل حمایت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پشتون خوا اور بلوچستان میں مسلط کردہ حالات اس امر کے متقاضی ہیں کہ پشتون اولس تمام تر اختلافات بالائے طاق رکھتے ہوئے متحد و متفق ہوکر اپنے حقوق، امن، تحفظ اور بقا کے لیے ظلم و جبر کے خلاف مشترکہ آواز بلند کریں (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

قومی اسمبلی کی نجکاری کمیٹی کو بریفنگ، ایک ڈریم لائنر طیارہ مل گیا

16 طیارے گراؤنڈ، 17 سے 18 جہازوں کے ذریعے فضائی آپریشن جاری

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کی نجکاری کمیٹی کو بتایا گیا ہے کہ پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کے 16 طیارے اس وقت گراؤنڈ ہیں، جبکہ 17 سے 18 طیاروں کے ذریعے فضائی آپریشن جاری ہے۔ حکام کے مطابق گراؤنڈ طیاروں کو دوبارہ قابل استعمال بنانے کے لیے کام کیا جا رہا ہے، جبکہ ایئرلائن کو نئے طیارے بھی فراہم کیے جا رہے ہیں۔ دوسری جانب کمیٹی ارکان نے مختلف وزارتوں کی جانب سے پارلیمانی سوالات کے جوابات فراہم نہ کرنے اور اجلاس کا کورم مکمل نہ ہونے پر شدید تحفظات کا اظہار کیا۔ بدھ کے روز قومی اسمبلی کی نجکاری (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

عدالتی ریکارڈ کو منتخب حوالوں اور ادھورے تناظر میں پیش کرنا انتہائی غیر مناسب ہے، ترجمان الیکشن کمیشن

اسلام آباد (آن لائن) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے ترجمان نے جسٹس (ر) سید منصور علی شاہ کے ایک غیر ملکی ٹی وی انٹرویو میں انتخابی معاملات سے متعلق دیے گئے موقف کو بنیادی آئینی و قانونی حقائق کے منافی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ عدالتی ریکارڈ کو منتخب حوالوں (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

ڈپٹی کمشنر رحمت اللہ مراد دشتی کی زیر صدارت تعارفی و جائزہ اجلاس

نئے ضلع میں تمام محکموں پر عوامی خدمت کی بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے

نال (خ ن) ضلع وڈھ کے پہلے ڈپٹی کمشنر رحمت اللہ مراد دشتی کی زیر صدارت تعارفی و جائزہ اجلاس! تمام لائن ڈیپارٹمنٹس کو کارکردگی بہتر بنانے اور عوامی مسائل کے فوری حل کی سخت ہدایات نو تشکیل شدہ ضلع وڈھ کے پہلے ڈپٹی کمشنر رحمت اللہ مراد دشتی نے چارج سنبھالنے کے بعد تمام لائن ڈیپارٹمنٹس (آل آف ہیڈ ڈیپارٹمنٹس) کے سربراہان اور آفیسران کے ساتھ ایک اہم تعارفی و جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس کے آغاز میں تمام محکموں کے آفیسرز نے نئے ڈپٹی کمشنر رحمت اللہ مراد دشتی کا خیر مقدم کیا اور اپنے اپنے محکموں کی مجموعی کارکردگی، جاری فلاحی (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

بیرون ممالک پاکستانی سفارتخانوں میں کروڑوں روپے کی خرد برد پر پی اے سی کا اظہار برہمی، ڈی جی ایف آئی اے طلب

اسلام آباد (آن لائن) پارلیمان کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے بیرون ممالک پاکستانی سفارتخانوں میں کروڑوں روپے کی مالی خرد برد اور کمیونٹی ویلفیئر فنڈ کے استعمال میں بے ضابطگیوں پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ذمہ داروں کے خلاف تحقیقات تیز کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔

اب گھروں میں بیٹھنے کا نہیں بلکہ میدان میں نکلنے کا وقت ہے، مولانا عبدالواسع

قائد کے ساتھ کیے گئے عہد کو پورا کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے، صوبائی امیر جمعیت

ہمارے اکابرین نے ملک کو بچانے اور قومی یکجہتی برقرار رکھنے کی کوششیں جاری رکھیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی رہائش گاہ کے تقدس کی پامالی کے خلاف کوئٹہ میں احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد جمعیت نے جب دلائل کی بنیاد پر طاقتور قوتوں سے سوالات کیے اور جواب طلب کیا تو جواب دینے کے بجائے ان کی نجی رہائش (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

جمال شاہ کاکڑ سے بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے وفد کی ملاقات

آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن انہیں اس حوالے سے مکمل تفصیلات فراہم کریں، رکن قومی اسمبلی

ٹھیکیداروں کو کام مکمل کرنے کے باوجود تاحال انکے بقایاجات ادا نہیں کیے جا رہے ہیں، جس کی وجہ سے وہ مالی مشکلات کا شکار ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی الحاج جمال شاہ کاکڑ سے آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر میر عبدالسلام لانگو کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل، جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری صلاح الدین کبزئی، سینئر نائب صدر کوئٹہ زون ٹو عبدالغفار کاکڑ اور دیگر شامل تھے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

کانک ضلع مستونگ کے رہائشی سلیم جاوید کا اپنے بیٹے سے اظہار لاتعلقی

اگر اس کا تعلق کسی بھی مسلح تنظیم سے ہوا تو میرا اور میرے خاندان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) کانک ضلع مستونگ کے رہائشی سلیم جاوید نے کہا ہے کہ میرا چھوٹا بھائی 6 ماہ قبل شکار کیلئے گھر سے نکلا واپس گھر نہیں اسے تلاش کرنے اور رابطہ کرنے کی بہت کوشش کی لیکن کچھ معلوم نہیں ہو سکا اگر اس کا تعلق کسی مسلح تنظیم سے ہوا تو میرا اور میرے (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

حکومتی اقدام انتقامی کارروائی اور سیاسی عدم برداشت کا مظہر ہے، جے یو آئی (ف)

جمعیت علماء اسلام (ف) کے رہنماؤں کی سینیٹر کامران مرتضیٰ کے بھائی کی دکان سیل کرنے کی شدید مذمت

حکومت سیاسی اختلاف کو ذاتی دشمنی میں تبدیل کرنے کے بجائے اپنی اصلاح اور انتقامی کارروائیوں سے باز آئے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا جمال الدین حقانی، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، خورشید احمد، عبدالصمد حقیار، مفتی ابوبکر، عبدالباری شہزاد، مولانا رشید احمد حقانی اور حاجی عطاء محمد شمشوزئی نے کہا ہے کہ سینیٹر کامران مرتضیٰ کے بھائی کی دکان سیل کرنا حکومتی بدنیتی سیاسی انتقام اور عدم برداشت (باقی صفحہ 3 نمبر 36)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے Navtcc کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر نادیہ کریم ملاقات کر رہی ہیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت اجلاس

غیر تسلی بخش کارکردگی دکھانے والی ٹیموں کو فوری طور پر تبدیل کیا جائے

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت جاری انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ صحت، ڈی ایچ او، نیشنل ای او سی، ڈسٹرکٹ پولیو ٹیموں، مانیٹرز، پولیس اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں جاری انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز کی کارکردگی، تمام یونین کونسلز میں بچوں کو پولیو (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

دالبندین، مولانا فضل الرحمان کی کردار کشی کے خلاف ضلع چاغی میں احتجاجی ریلی

دالبندین (آن لائن) قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کے گھر کے اوپر ڈرون کیمروں سے فوٹیج بنانے اور میڈیا پر چلانے (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

جامعہ تربت میں مصنوعی ذہانت اور انسانی جذبات کے موضوع پر یوتھ لیڈرشپ سیشن کا انعقاد

تربت (خ ن) کمیائن فاؤنڈیشن اور جامعہ تربت کے اشتراک سے یوتھ لیڈرشپ پروگرام (وائی ایل پی) کے زیر اہتمام مصنوعی ذہانت کی فکری صلاحیتوں اور انسانی جذبات کے (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

کوئٹہ، بلوچستان لیبر فیڈریشن کے اجلاس میں اہم فیصلے

ملازمین کی تنخواہوں کی عدم ادائیگی اور عوامی مسائل پر شدید تشویش کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان لیبر فیڈریشن کا اہم اجلاس پی ڈبلیو ڈی آفس کوئٹہ میں زیر صدارت حاجی خان زمان صاحب منعقد ہوا، اجلاس میں فیڈریشن بذا کے چیئرمین حاجی بشیر احمد رند، سیکرٹری جنرل قاسم خان کاکڑ، عبدالعزیز شاہوانی، ظفر خان رند، عارف خان نیچاری، عابد بٹ، ملک وحید کاسی، دین محمد محمد حسنی، حبیب اللہ لانگو، نجیب اللہ مری، سید منظور شاہ، شاہجہان وو (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

پاکستان اور برطانیہ کا دہشت گردی کے خلاف مشترکہ تعاون بڑھانے پر اتفاق

ٹی ٹی پی سمیت افغانستان میں اور وہاں سے سرگرم دہشت گرد گروہوں کے خطرات پر تشویش کا اظہار

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور برطانیہ نے دہشت گردی کی تمام اقسام اور مظاہر کے خلاف مشترکہ عزم کا اعادہ کرتے ہوئے انسداد دہشت گردی کے شعبے میں دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے اور ادارہ جاتی روابط بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ دونوں ممالک نے دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے تجربات، بہترین طریقہ کار اور معلومات کے تبادلے سمیت باہمی تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اور برطانیہ (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

اسسٹنٹ کمشنر حبیب الرحمن کاکڑ کا بیسک ہیلتھ یونٹ چینہ زیارت کا دورہ

زیارت (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر حبیب الرحمن کاکڑ نے بیسک ہیلتھ یونٹ چینہ زیارت کا دورہ کیا دورے کے دوران انہوں نے ملاز (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

اغواء کی وارداتوں میں ملوث عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے، بلوچستان گڈز

مسلم باغ اور خان مہترزئی کے مقام پر بیوی ٹرکوں کے اغواء کے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار

بلوچستان کی معیشت اور اشیائے ضروریہ کی ترسیل کا دارومدار مال بردار ٹرانسپورٹ پر ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی نور محمد شاہوانی، جنرل سیکرٹری سہیل خان کاکڑ، جعفر خان کاکڑ، حاجی روزی خان مندوخیل، حاجی امین سومالانی، ملک نور خان کرد، حاجی داؤد خان کرد، عبدالمجید ریکسانی جبکہ آل بلوچستان متی مزدا گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین بابو جان ریکسانی، صدر لالا قدیم، جنرل سیکرٹری محمد یونس پٹھان، عبدالحق مینگل اور دیگر ٹرانسپورٹرز نے اپنے مشترکہ بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری، آئی جی پولیس، آئی جی ایف سی اور دیگر متعلقہ اداروں سے اپیل کی ہے کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

قلات کے صحافیوں کا پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ

قلات (آن لائن) قلات کے صحافیوں کا پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ، احتجاجی مظاہرہ پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے چارٹر آف ڈیمانڈ کے حق میں کیا گیا، تفصیلات کے مطابق پاکستان فیڈرل یونین آف جر (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

ڈاکٹر عبدالرحمٰن شیرانی کا لورالائی ٹیچنگ ہسپتال اور لورالائی میڈیکل کالج کا دورہ

محکمہ صحت کے افسران اور طبی عملے کی مشترکہ کاوشیں قابل ستائش ہیں، ڈویژنل ڈائریکٹر

لورالائی (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز لورالائی ڈویژن ڈاکٹر عبدالرحمٰن شیرانی نے لورالائی ٹیچنگ ہسپتال اور لورالائی میڈیکل کالج کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لورالائی ڈاکٹر فہیم خان، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی، ڈپٹی ایم ایس ڈاکٹر زین اللہ کاکڑ سمیت متعلقہ شعبہ جات کے سربراہان اور دیگر طبی افسران بھی موجو (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

صحت کے شعبے میں ڈیجیٹل انقلاب، وزارت صحت نے عوامی شکایات کے فوری ازالے کیلئے 1166 کیئر پورٹل متعارف کرا دیا

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے صحت کے شعبے میں عوامی شکایات کے اندراج، ان کے بروقت ازالے اور سرکاری اداروں کی کارکردگی کی مؤثر نگرانی (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

میر شاہ جہاں زہری کو کراچی کے مقامی قبرستان میں آہوں اور سسکیوں کے ساتھ سپرد خاک

خضدار (آن لائن) چیف آف جھالاوان سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری کے بھانجے نوابزادہ میر شاہ جہاں زہری کو کراچی کے مقامی قبرستان میں آہوں اور سسکیوں کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ سلطان مسجد ڈیفنس کراچی میں ادا کی گئی، جس میں بڑی تعداد میں قبائلی عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات، عزیز و اقارب اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ نماز جنازہ کے موقع پر مرحوم کے اہل (باقی صفحہ 3 نمبر 31)



گوادر ضلع کونسل کے چیئرمین شے مختار بلوچ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر محبوب مجید کے ہمراہ مختلف سرکاری اسکولوں کے دورے کے موقع پر تدریسی عمل کا جائزہ لے رہے ہیں

بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو 2026 کی تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ اجلاس

صوبے کو ملکی و بین الاقوامی سرمایہ کاری کا مرکز بنانے کیلئے پرعزم ہیں، بلال کاکڑ

سرمایہ کاری کے نئے مواقع کی نشاندہی اور معاشی ترقی کی نئی سمت متعین کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ 18 اور 19 نومبر کو منعقد ہونے والی بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو (BITE 2026) صوبے میں تجارتی و کاروباری سرگرمیوں کے فروغ، سرمایہ کاری کے نئے مواقع کی نشاندہی اور معاشی ترقی کی نئی سمت متعین کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے کو ملکی و بین الاقوامی سرمایہ کاری کا مرکز بنا (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

چوہدری سالک حسین کے ساتھ کھڑے ہیں، بشیر خان اچکزئی

وزیراعلیٰ پنجاب کی چوہدری سالک حسین پر تنقید سمجھ سے بالاتر ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ق) کوئٹہ کے صدر بشیر احمد خان اچکزئی نے کہا ہے کہ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کے پنجاب میں کرپشن سے متعلق بیان کے بعد وزیراعلیٰ پنجاب کی چوہدری سالک حسین پر تنقید سمجھ سے بالاتر ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے خود تسلیم کیا ہے کہ پنجاب میں کرپشن ہو رہی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں بشیر احمد خان اچکزئی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے خود 30 اکتوبر کو تسلیم کیا تھا کہ پنجاب میں کرپشن ہو رہی ہے اور آج وہ جب مسلم لیگ (ق) کے سربراہ چوہدری سالک حسین نے کرپشن کی نشا (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

سریاب روڈ سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں پولٹری دکانوں کے خلاف کارروائیاں

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایات، عوامی شکایات اور سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے سریاب روڈ سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں پولٹری دکانوں کے خلاف کارروائیاں کی گئیں۔ کارروائی کے دوران سرکاری نرخنامے کی (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

وزیراعظم یوتھ پروگرام اور ICE کے درمیان تعلیمی تعاون کا معاہدہ

معیاری تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت کے مواقع، میرٹ پر سکالرشپ دیں گے: رانا مشہود

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم یوتھ پروگرام (پی ایم وائی پی) اور انٹرنیشنل کالج آف ایکسیلنس (آئی سی ای) کے درمیان مفاہمتی یادداشت (لیٹر آف انٹینٹ) پر دستخط کیے گئے ہیں اور وزیراعظم یوتھ پروگرام اور ICE کے درمیان تعلیمی تعاون کا معاہدہ ہوا ہے۔ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود نے کہا کہ نوجوانوں کو معیاری تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت کے مواقع دیں گے، طلبہ اور اساتذہ کے لیے میرٹ پر اسکالرشپس فراہم کی جائیں گی۔ منتخب امیدواروں کو 100 فیصد ٹیوشن فیس اسکالرشپس ملیں گی۔ رانا مشہود (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

وفاقی محتسب کی بروقت مداخلت: خضدار کے سیلاب متاثرہ سائل کو امدادی رقم کی پہلی قسط موقع پر مل گئی

خضدار (پ ر) وفاقی محتسب کے ادارہ جاتی انصاف اور فوری حل کے نظام نے ایک بار پھر متاثرہ سائل کو اس کا حق دلوا دیا۔ غیر رسمی حل تنازعات (IRD) کے تحت سیلاب متاثرین کی امدادی رقم کی عدم فراہمی سے متعلق دائر کی گئی ایک شکایت پر وفاقی محتسب کی فوری اور مؤثر مداخلت (باقی صفحہ 3 نمبر 12)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے یونس بلوچ اور چوہدری شبیر ملاقات کر رہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر استا محمد ماریہ شمون کے ہمراہ زیر تعمیر ڈیجیٹل لائبریری کا دورہ

مجموعی تعمیر و ترقی عوامی فلاح و بہبود اور تعلیمی سہولیات کی بہتری کیلئے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں

اوستہ محمد (خ ن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی علاقے کی مجموعی تعمیر و ترقی عوامی فلاح و بہبود اور تعلیمی سہولیات کی بہتری کے لیے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں ان کی خصوصی دلچسپی اور ہدایات کی روشنی میں ضلع بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی اور مانیٹرنگ کے لیے سردارزادہ ضرار خان جمالی کی قیادت میں ایک خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی ہے جو مختلف ترقیاتی منصوبوں کا وقتاً فوقتاً دورہ کر کے کام کی رفتار معیار اور پیش رفت کا جائزہ لے رہی ہے تاکہ ترقیاتی منصوبوں کو پائیدار معیاری اور دیرپا بنیادوں پر مکمل کیا جا سکے اسی سلسلے میں (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عبداللہ خان کا 2 سال سے بلاک شدہ شناختی کارڈ بحال کروا دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار عبداللہ خان نے بتایا کہ ان ریکارڈ سے کسی ایجنٹ نے پاسپورٹ بنایا تھا۔ جس کی وجہ سے ان کا شناختی کارڈ بلاک ہو چکا تھا۔ جس کی بحالی کے لیے انہوں نے متعدد بار کمیٹیاں کی اور نادرا دفتر کے چکر کاٹے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ د (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

پاکستان اور ترکیہ کا تجارتی و صنعتی تعاون بڑھانے پر اتفاق

وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کی ترک ہم منصب سے ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور ترکیہ نے دوطرفہ تجارت، زرعی برآمدات، صنعتی سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کو نئی بلندیوں تک پہنچانے کے لیے روابط مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا ہے۔ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے اپنے ترک ہم منصب پروفیسر ڈاکٹر عمر بولات سے اہم ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم بڑھانے، پاکستانی مصنوعات کے لیے ترک مارکیٹ تک رسائی بہتر بنانے اور ترک سرمایہ کاروں کو پاکستان (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

قلات کی بائیومیٹرک تصدیقی مسئلے کا شکار خاتون کو BISP کی 14,500 روپے کی قسط منتقل کروا دی گئی

خضدار (پ ر) وفاقی محتسب اعلیٰ پاکستان کے احکامات اور ریجنل آفس خضدار کی مؤثر، فوری اور بروقت کارروائی کے نتیجے میں ضلع قلات کی رہائشی خاتون کو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی بقایا قسط بلا تاخیر فراہم کر دی گئی، جس پر سائلہ نے وفاقی محتسب کے (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

توبہ کاکڑی، ژڑکس میں منشیات کے خلاف ایک بڑا اور منظم کریک ڈاؤن

منشیات کی لعنت سے پاک کرنے تک یہ مہم بلا امتیاز اور سختی کے ساتھ جاری رہے گی، انتظامیہ

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی خصوصی ہدایات پر توبہ کاکڑی کے علاقے ژڑکس میں منشیات کے خلاف ایک بڑا اور منظم کریک ڈاؤن کیا (باقی صفحہ 3 نمبر 10)



رخشی، کمشنر کوئٹہ ڈویژن مجیب الرحمن قمبرانی بلوچستان لیڈ سکیورٹی آرکیٹکچر اور صوبائی ایکشن پلان پر عملدرآمد کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

رابطہ کمیٹی کی جانب سے پیش کیے گئے تمام تحفظات اور مطالبات پارٹی کی مرکزی قیادت کے سامنے رکھے جائیں گے

لیبر کوڈ کے خلاف مزدور تنظیموں کا نیشنل پارٹی سے رابطہ، تحفظات، مطالبات پیش

پارلیمنٹ، سینیٹ، بلوچستان اسمبلی سمیت مختلف فورم پر لیبر کوڈ اور مزدوروں کے دیگر مسائل پر آواز بلند کریں، سلطان خان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان حکومت اور انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (آئی ایل او) کی جانب سے بلوچستان لیبر کوڈ کی تیاری کے اہم عمل میں مزدوروں کے حقیقی نمائندوں کو اعتماد میں لیے بغیر اور واپڈا کے ایک سرکاری ملازم کو مزدوروں کا نمائندہ مقرر کرنے پر آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صدر سلطان محمد خان کی قیادت میں ٹریڈ یونین نمائندوں پر مشتمل رابطہ کمیٹی کے وفد نے نیشنل پارٹی کے لیبر سیکرٹری دادمحمد (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

شے مختار بلوچ کا چھب ریکانی اور گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول زیارت مچھلی کا دورہ

سرکاری تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل کا حل اور طلبہ کو بنیادی تعلیمی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے

گوادر (خ ن) ضلع کونسل گوادر کے چیئرمین شے مختار بلوچ نے کہا ہے کہ سرکاری تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل کا حل اور طلبہ کو بنیادی تعلیمی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، جبکہ ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن گوادر وہاب مجید نے تعلیمی اداروں کی ضروریات پوری کرنے کے لیے متعلقہ حکام کے ساتھ موثر اقدامات کی یقین دہانی کرائی ہے ان خیالات کا انہوں نے (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

مانیٹرنگ ٹیم کی سردارزادہ ضرار خان جمالی کی قیادت میں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال استا محمد کا دورہ

اوستہ محمد (آن لائن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی کی خصوصی ہدایات پر ان کی جانب سے تشکیل دی گئی مانیٹرنگ ٹیم نے سردارزادہ ضرار خان جمالی کی قیادت میں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال استا محمد کا دورہ کیا دورے کا مقصد ہسپتال میں عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، مختلف شعبہ جات کی کارکردگی، ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری اور ادویات کی دستیابی کا جائزہ لینا تھا اس موقع پر مانیٹرنگ ٹیم نے ہسپتال کے مختلف وارڈز (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

52 کروڑ سے زائد رقم کے باوجود ریٹائرڈ ملازمین واجبات سے محروم ہے، اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن

کوئٹہ (آن لائن) جامعہ بلوچستان کی اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن نے صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید درانی کو خط ارسال کرتے ہوئے جامعہ کے 170 سے زائد ریٹائرڈ پروفیسرز، اساتذہ اور ملازمین کے گزشتہ پانچ سال سے زیر التوا پنشن، کمیوٹیشن اور لیو انکیشمنٹ کے واجبات کی فوری ادائیگی کا مطالبہ کیا ہے۔ اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر پروفیسر (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

کوئٹہ، ٹریفک قوانین سے متعلق عوامی شعور اجاگر کرنے کیلئے آگاہی ریلی

عوام میں ٹریفک قوانین سے متعلق شعور و آگاہی پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

محفوظ سفری ماحول کی فراہمی کیلئے آگاہی مہم اور عملی اقدامات جاری رکھے جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایات پر ٹریفک ویک کے سلسلے میں کوئٹہ میں ٹریفک قوانین سے متعلق عوامی شعور اجاگر کرنے کے لیے آگاہی ریلی اور کیک کاٹنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ آگاہی ریلی کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر (صدر) (محمد یوسف ہاشمی)، ایس پی صدر کوئٹہ اور ٹریفک پولیس کے (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

لورالائی سے لاپتہ ہونے والے نویں جماعت کے دو طلباء کو پولیس نے بحفاظت بازیاب کرا لیا

کوئٹہ (آن لائن) لورالائی پولیس نے سکول جاتے ہوئے لاپتہ ہونے والے 2 کم عمر طلباء کو بازیاب کرا کر والدین کے حوالے کر دیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز لورالائی کے رہائشی 15 اور 16 سالہ طالب علم سکول جاتے ہوئے لاپتہ ہو گئے تھے والدین کی اطلاع پر (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

یونین کونسل فیروز آباد میں پولیو آگاہی سیشن کا انعقاد

بلدیاتی نمائندوں اساتذہ کرام اور عمائدین کا مہم کی بھرپور حمایت کا اعلان

خضدار (آن لائن) یونین کونسل فیروز آباد میں پولیو آگاہی سیشن کا انعقاد، اساتذہ، مذہبی رہنماؤں بلدیاتی نمائندوں اساتذہ کرام اور عمائدین کا مہم کی بھرپور حمایت کا اعلان تفصیلات کے مطابق کامنیٹ کی جانب سے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول گنگو، یونین کونسل فیروز آباد میں نومبر 2026 کی قومی انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں ایک اہم آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ سیشن میں اسکول اساتذہ، ڈاکٹرز، مقامی حکومتی نمائندوں، مذہبی رہنماؤں اور علاقے کے معتبر عمائدین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر CCO رحیم بخش اور CBO ذکریا جنک نے شرکا کو پولیو وائرس (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

سوراب پولیس عوام کی حفاظت کرنے کے بجائے اپنی حفاظت میں مصروف

سوراب (آن لائن) سوراب پولیس عوام کی حفاظت کرنے کے بجائے اپنی حفاظت میں مصروف، سوراب پولیس کی مبینہ غفلت اور انتظامی نااہلی کا ایک اور افسوسناک واقعہ، ریسکیو سینٹر 1122 گدر ایمبولینس سے محروم، نامعلوم مسلح افراد و پولیس اہلکاروں (باقی صفحہ 3 نمبر 20)



کوئٹہ، جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹریٹ میں نو منتخب امیر ضلع کوئٹہ کی حلف برداری تقریب سے مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحق ہاشمی، صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امیر صوبہ مولانا عبدالکبیر شاکر، ڈاکٹر عطاء اللہ، مولانا محمد ہاشم کاکڑ و دیگر خطاب کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون، فیکس: 2824878، موبائل نمبر 03337867133، ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com